★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 325 بروز جمعہ 21 اگست 2026ء 7 ربیع الاول 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

میزئی اڈہ، فائرنگ سے بچہ ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) میزئی اڈہ کے علاقے میں فائرنگ سے بچہ ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز میزئی اڈہ کے علاقے میں فائرنگ کے نتیجے میں سلطان شاہ نامی بچہ ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

نال میں تاحال نیشنل بینک کی برانچ منظور نہ ہوسکی

نال (آن لائن) نال میں تاحال نیشنل بینک کی برانچ منظور نہ ہوسکی، عوامی حلقوں کا مطالبہ نال میں تاحال نیشنل بینک کی برانچ کی منظوری نہ ملنے پر عوامی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے نیشنل بینک کے ذمہ دار حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نال میں نیشنل بینک کی برانچ کے قیام کی منظوری جلد دی جائے، تاکہ مقامی لوگوں، تاجروں، سرکاری ملازمین اور کاروباری طبقے کو بینکاری کی سہولیات ان کے اپنے علاقے میں میسر آسکیں۔

پاکستان اور سوئٹزرلینڈ کے تعلقات مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے سوئٹزرلینڈ میں پاکستان کے سفیر مرغوب بٹ نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور سوئٹزرلینڈ کے دوطرفہ تعلقات (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

مولانا عبدالقادر لونی جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر اور مولانا محمود الحسن قاسمی کو مرکزی جنرل سیکرٹری منتخب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی مجلس شوریٰ نے اکثریت رائے سے مولانا عبدالقادر لونی کو مرکزی امیر اور مولانا محمود الحسن قاسمی کو مرکزی جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی مجلس شوریٰ (سپریم کونسل) (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

دہشت گردی کے متاثرین کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور اظہار عقیدت کے عالمی دن کے موقع پر دنیا بھر میں دہشت گردی کا شکار ہونے والے افراد سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ 21 اگست 202 (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہے، ہم اپوزیشن کی بات کر رہے ہیں آج اپوزیشن کے ساتھ پہلی بیٹھک ہوئی، متحدہ اپوزیشن بنانے کا فیصلہ کیا ہے، مولانا فضل الرحمان

مولانا فضل الرحمان کی محمود اچکزئی سے ملاقات، متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان

جے یو آئی (ف) اور اپوزیشن اتحاد کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات میں متحدہ اپوزیشن کے قیام پر اتفاق کے ساتھ اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس بھی کل بلانے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اور اپوزیشن جماعتوں کے درمیان اہم ملاقات ہوئی، جس میں متحدہ اپوزیشن کے قیام پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں اپوزیشن جماعتوں کے درمیان آئندہ کی سیاسی حکمت عملی اور باہمی مشاورت جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ آج اپوزیشن کے ساتھ پہلی بیٹھک ہوئی ہے اور ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ متحدہ اپوزیشن بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہلی نشست تھی، آئندہ مزید مشاورت ہوگی اور مختلف سیاسی معاملات پر اپوزیشن جماعتوں کے درمیان بات چیت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ صحافی کی جانب سے سوال کیا گیا کہ کیا پیپلز پارٹی کو بھی متحدہ ا(باقی صفحہ 2 نمبر 1)

قومی اسمبلی نے کثرت رائے سے ڈیفنس فورسز ایکٹ ترمیمی بل اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026ء کی منظوری دیدی اپوزیشن نے بلز کی منظوری کے دوران احتجاجاً واک آؤٹ کیا، بلز کی مخالفت کی

چیف آف ڈیفنس فورسز ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز کے امور کی نگرانی کریں گے مسلح افواج سے متعلق اہم معاملات میں وزیراعظم کو مشورہ دینے کی ذمہ داری بھی ادا کریں گے دونوں بلز وزیر دفاع کی جانب سے ایوان میں پیش

دفاعی افواج ترمیمی بل قومی اسمبلی سے منظور

چیف آف ڈیفنس فورسز وزیراعظم کے اعلیٰ فوجی مشیر ہوں گے

قانون کا اطلاق 27 نومبر 2025 سے ہوگا، چیف آف ڈیفنس فورسز کے نئے عہدے، دفاعی کمانڈ کے ڈھانچے، تینوں مسلح افواج کے درمیان رابطہ کاری اور مشترکہ آپریشنل صلاحیت بہتر بنانے سے متعلق متعدد نئی قانونی شقیں شامل کی گئی ہیں

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی نے کثرت رائے سے ڈیفنس فورسز ایکٹ ترمیمی بل اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026ء کی منظوری دے دی، اپوزیشن نے بلز کی منظوری کے دوران احتجاجاً واک آؤٹ کیا اور بلز کی مخالفت کی، دونوں بلز وزیر دفاع خواجہ آصف کی جانب سے ایوان میں پیش کیے گئے جبکہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے دونوں بلز کے اغراض و مقاصد بیان کیے اور کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز کا نیا ادارہ قائم ہونے کے بعد ہم آہنگی اور بعض (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سزا یافتہ افراد کو ریلیف صرف قانونی و عدالتی طریقہ کار کے تحت مل سکتا ہے، طارق فضل چوہدری

بانی پی ٹی آئی کو سرکاری ہسپتال میں مناسب علاج فراہم نہ ہو سکا تو حکومت تمام قانونی آپشنز پر غور کر سکتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ سزا یافتہ افراد کو ریلیف صرف قانونی اور عدالتی طریقہ کار کے تحت ہی مل سکتا ہے، کسی بھی وزیراعظم کے ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے سزا یافتہ افراد کی سزا ختم یا تبدیل نہیں کی جا سکتی۔ ایکس پر اپنے بیان میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے حکومت پر زا (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

عالمی فوجداری عدالت کے عہدیداروں پر امریکی پابندیاں، انتونیو گوتریس کا اظہار تشویش

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کے اعلیٰ عہدیداروں پر امریکا کی جانب سے عائد نئی پابندیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

چیف سیکرٹری کو اپنی شکایت اور تمام متعلقہ حقائق سے آگاہ کریں گے، گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن

غفلت کے مرتکب افسران اور عملے کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ رشوت نہ دینے پر 1 کروڑ 32 لاکھ روپے کی رقم لیپس کرنے کے ذمہ داروں کے خلاف فوری طور پر غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور رقم لیپس کرنے کا جرم ثابت ہونے پر متعلقہ افسران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

قومی اسمبلی، اسپیکر قومی اسمبلی وقفہ سوالات میں متعلقہ حکام کی عدم موجودگی پر برہم

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا تو وقفہ سوالات کے دوران وزارت بین الصوبائی رابطہ کی جانب سے سوال کا جواب نہ آنے اور متعلقہ حکام کی عدم موجودگی پر اسپیکر نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے استفسار کیا کہ اس سوال کا جواب کیوں نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

شہباز شریف کی قومی اسمبلی آمد، ایوان کا ماحول سیاسی ملاقاتوں کا مرکز بن گیا

وزیراعظم نے سب سے پہلے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی

وزیراعظم محمود خان اچکزئی کے پاس گئے، اسد قیصر، بیرسٹر گوہر اور عامر ڈوگر سے بھی ملاقات کی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف کی قومی اسمبلی آمد کے موقع پر ایوان کا ماحول سیاسی ملاقاتوں کا مرکز بن گیا۔ وزیراعظم نے اجلاس میں اپنی نشست سنبھالنے سے قبل حکومتی اور اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سمیت پی ٹی آئی رہنماؤں سے ملاقات کو بھی خصوصی اہمیت حاصل رہی۔ وزیراعظم شہبا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

لاہور: جماعت اسلامی کی خواتین کارکنان پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے اور مہنگائی کے خلاف مال روڈ پر دھرنے میں شریک ہیں

عدالتوں کے احاطوں میں غیرضروری رش سے گریز کیا جائے ہمیں اپنے ساتھ عوام اور سائلین کے تحفظ کا بھی احساس ہے، خطاب

سوشل میڈیا پر کیسز کی تشہیر کے خلاف آرڈر جاری کیا جائیگا، جسٹس کامران ملاخیل

دور دراز علاقوں کے سائلین اور وکلاء کی سہولت کیلئے ہائی کورٹ میں ویڈیو لنک اور کیسز کے لیے ون ونڈو آپریشن شروع کیا جا رہا ہے

سوشل میڈیا کے حوالے سے قوانین بنائے گئے وکلاء کی بڑھتی تعداد کے پیش نظر لاء کالجز کے معیار تعلیم اور طریقہ کار کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران ملاخیل نے کہا ہے کہ وکلاء کی بڑھتی تعداد کے پیش نظر لاء کالجز کے معیار تعلیم اور طریقہ کار کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے، جبکہ دور دراز علاقوں کے سائلین اور وکلاء کی سہولت کے لیے ہائی کورٹ میں ویڈیو لنک اور کیسز کے لیے ون ونڈو آپریشن شروع کیا جا رہا ہے سوشل میڈیا کے حوالے سے قوانین بنائے گئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کی منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جسٹس روف عطاء، جسٹس نجم مینگل، جسٹس عبدالقیوم لہڑی، ہائیکو (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

RAWALPINDI CHAMBER OF SMALL TRADERS AND SMALL INDUSTRIES
International SME's
Excellence
Awards 2026

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان اسلام آباد میں انٹرنیشنل ایس ایم ای ایکسیلینس ایوارڈز 2026 کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا ایس ایم ایز کو ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار، نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع فراہم کرنے پر زور

پاکستان میں تقریباً 71 لاکھ 40 ہزار مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز کام کر رہے ہیں، سیدال خان

صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر، سرمایہ، ٹیکنالوجی، تربیت، رہنمائی اور مارکیٹ تک رسائی بھی ضروری ہے

راولپنڈی/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، جبکہ نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی 12 ربیع الاول کے جلوس اور مجالس کی سیکیورٹی اور دیگر انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) کوئٹہ منیر احمد درانی بھی موجود ہیں

چیف جسٹس پاکستان اور وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس کے اعزاز میں استقبالیہ

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے ہاتھ جوڑ کر وکلا کو تالیاں بجانے سے روک دیا

لاہور (آن لائن) سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی اور وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس کے اعزاز میں استقبالیہ کا اہتمام کیا گیا۔ وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل پیر مسعود چشتی کی دعوت پر چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی اور (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

اے این ایف کی کارروائی منشیات کی سمگلنگ کے خلاف 7 کارروائیوں کے دوران 12 ملزمان کو گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے بلوچستان سمیت ملک کے دیگر شہروں میں منشیات کی سمگلنگ کے خلاف 7 کارروائیوں کے دوران 12 ملزمان کو گرفتا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

افواج پاکستان کے حوالے سے کوئی اختلافی بات نہیں کریں گے، بیرسٹر گوہر

چیف آف ڈیفنس فورسز سے متعلق بل کا مسودہ ابھی میرے سامنے نہیں آیا، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کے حوالے سے کوئی بھی اختلافی بات نہیں کریں گے، ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ترین ہو۔ پارلیمنٹ میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز کے حو (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) کوئٹہ منیر احمد درانی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) کوئٹہ منیر احمد درانی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔

اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی گئی ہے ان کے جواب کا انتظار ہے، مشیر وزیراعظم برائے سیاسی امور کی گفتگو

سپریم کورٹ نے عمران خان کو جو ریلیف دیا وہ قانون کے مطابق نہیں، رانا ثناء اللہ

نواز شریف کو بھی نہیں سروسز اسپتال منتقل کیا گیا تھا اور سروسز اسپتال کے ڈاکٹرز کی رپورٹ کے بعد وہ بیرون ملک گئے تھے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان کو جو ریلیف دیا گیا وہ قانون کے مطابق نہیں، ان کی شفا اسپتال منتقلی کے خلاف نظرثانی درخواست دوبارہ دائر کی جا رہی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اسپتال منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف نظرثانی درخواست دوبارہ دائر کی جا رہی ہے، نظرثانی کی درخواست (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

حکومت سمگلنگ اور ٹیکس چوری کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، بلال اظہر کیانی

حکومت کی بہتر پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے، سینیٹر شہادت اعوان

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا کو وزیر مملکت برائے محصولات بلال اظہر کیانی نے بتایا ہے کہ حکومت سمگلنگ اور ٹیکس چوری کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت کی بہتر پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے۔ جمعرات کو ایوان بالا میں سینیٹر شہادت اعوان کے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر مملکت برائے محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ابھی تک گاڑیوں کے شعبے میں کسی کمپنی نے بھی پاکستان سے اپنا کاروبار ختم نہیں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت کئی نئی کمپنیوں نے اپنا کاروبار شروع کیا ہے انہوں نے کہا کہ 79 کمپنیوں نے پاکستان میں اپنا کاروبار شروع کیا ہے

ڈاکٹر کمالان گچکی کے گھر پر حملے کی پرزور مذمت کرتے ہیں، میر رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے اپنے مذمتی بیان میں بلوچستان کے ممتاز معالج اور عوامی خدمتگار ڈاکٹر کمالان گچکی کے گھر پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ اور دھمکی آمیز کارروائی کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

پیپلز پارٹی وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، اندرونی کہانی سامنے آگئی

آزاد کشمیر انتخابات میں دھاندلی کے سنگین الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ کردیا

اسلام آباد (آن لائن) پیپلز پارٹی کے وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں نائب (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

فی تولہ سونے کی قیمت میں 13 ہزار 700 روپے کا بڑا اضافہ

فی تولہ چاندی کی قیمت 317 روپے کے اضافے سے 7 ہزار 169 روپے ہوگئی

کراچی (آن لائن) عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمتوں میں اضافے کے باعث پاکستان میں بھی سونے کے نرخ بڑھ گئے۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

پنجگور آپریشن: اسپیکر قومی اسمبلی کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پنجگور میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی اہلکاروں کو خراج تحسین (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈی ٹی پی اور بی ایل اے آپس میں رابطے میں ہیں، بلاول بھٹو

انکا مرکز افغانستان جبکہ بھارت ان سب کا سہولت کار ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

قوم پرستوں کے حوالے سے بیان دراصل علیحدگی پسند قوتوں کے حوالے سے تھا، لفظوں کے چناؤ میں غلطی ہوئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان میں علیحدگی پسند قوتیں، کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) آپس میں رابطے میں ہیں، ان کا مرکز افغانستان میں ہے جبکہ بھارت ان سب کا سہولت کار ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ قوم پرستوں کے حوالے سے ان کا بیان دراصل علیحدگی پسند قو (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

والبندین این-40 پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، دو مزدا ٹرک نذر آتش

دالبندین (آن لائن) چاغی کے علاقے جوجوکی میں این 40 قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے دو خالی مزدا ٹرکوں پر فائرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ایوان بالا نے ڈیفنس فورسز آف پاکستان اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل متفقہ طور پر منظور کر لئے

ہمیں صرف اشخاص کیلئے قانون نہیں بنانا چاہیے، جن کو نشان عبرت بنانا چاہئے ان کو نشان امتیاز دیا جا رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا نے ڈیفنس فورسز آف پاکستان اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل متفقہ طور پر منظور کر لئے۔ بل پیش کرنے کے موقع پر اپوزیشن سینیٹرز کا احتجاج، ایوان سے واک آوٹ کیا، پیپلز پارٹی سمیت دیگر سیاسی جماعتوں نے بل کی حمایت کی۔ جمعرات کو سینیٹ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے ڈیفنس فورسز آف پاکستان بل 2026 پیش کیا۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ نے بل پر اراکین سے شق وار رائے لینے کے بعد بل کو متفقہ طور پر منظور کر لیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل 2026 پیش کیا اس (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

آل پاکستان وکلا، ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد نے آل پاکستان وکلا، ایکشن کمیٹی کا اہم اجلاس طلب کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان وکلا، ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کر (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

مستونگ، نامعلوم مسلح افراد ناکہ بندی کے دوران قبائلی سردار کو بیٹے سمیت اغواء کر کے لے گئے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد ناکہ بندی کے دوران قبائلی سردار کو بیٹے سمیت اغواء کر کے لے گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

انشاء اللہ صوبائی حکومت اپنے پانچ سال پورے کریگی، اختر بلوچ

پیپلز پارٹی صوبے کی معاشی خوشحالی اور ترقی کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اختر بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی صوبے کی معاشی خوشحالی اور ترقی کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اڑھائی سال کے دوران بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے ہیں جس سے صوبے کے عوام بھرپور استفادہ کر رہے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اپنے پانچ سال پورے کرے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں اختر بلوچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

شامی وزیر خارجہ کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات

پاکستان شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کی حمایت جاری رکھے گا، وزیراعظم شہباز شریف

پاکستان اور شام کے تاریخی تعلقات کو عملی تعاون میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) اسلامی جمہوریہ شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور شام کے درمیان تاریخی و برادرانہ تعلقات، دوطرفہ تعاون کے فروغ، شام کی سیاسی صورتحال، تعمیر نو اور علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شامی وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا خیر مقدم کیا اور شام کے صدر احمد الشرع کے لیے نیک خواہشات کا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت اجلاس

شہر اور اہم شاہراہوں پر لائٹس کی تنصیب و مرمت مکمل کی جائے

سیکیورٹی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) 12 ربیع الاول کے سلسلے میں تیاریوں، سیکیورٹی انتظامات اور دیگر ضروری امور کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) منیر احمد درانی سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران، علماء کانفرنس اور دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

شامی وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا

پاکستان اور شام کا دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسحاق ڈار اور شامی وزیر خارجہ کی ملاقات، خطے اور دنیا بھر میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور شام نے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے اور دونوں ملکوں نے خطے اور دنیا بھر میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ شامی وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاک (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

* ABC CERTIFIED *
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

نوجوانوں کا اعتماد

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، جبکہ نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے زیر اہتمام انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈز 2026 کی اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے صدر سردار ثاقب نسیم اور چیئرمین ایوارڈ کمیٹی محمد رؤف راجہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری افراد اور اداروں کی محنت، جدت اور عزم کو سراہنا نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی ہے بلکہ دیگر نوجوانوں اور کاروباری افراد کے لیے بھی مشعل راہ ہے۔ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً 71 لاکھ 40 ہزار مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز کام کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ایک چھوٹے کاروبار کو مضبوط کرنا دراصل ایک خاندان، ایک کمیونٹی اور ملک کے معاشی مستقبل کو مضبوط کرنا ہے۔ پاکستان کو ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو صرف ملازمت کے متلاشی نہ ہوں بلکہ روزگار پیدا کرنے والے بھی بنیں۔ ایک کامیاب کاروباری شخص اپنے لیے آمدنی کے ساتھ ساتھ دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں، تاہم ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر، سرمایہ، ٹیکنالوجی، تربیت، رہنمائی اور مارکیٹ تک رسائی بھی ضروری ہے۔ نوجوانوں کو یہ اعتماد دینا ہوگا کہ وہ اپنے آئیڈیاز کو کامیاب کاروبار، اداروں اور بین الاقوامی برانڈز میں تبدیل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 01

پوزیشن میں شامل کیا جائے گا؟ اس پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہے، ہم اپوزیشن کی بات کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر ”آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) کے انعقاد پر بھی بات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا اپوزیشن جماعتیں سڑکوں پر بھی ایک دوسرے کا ساتھ دیں گی یا صرف پارلیمنٹ میں متحد رہیں گی؟ مولانا فضل الرحمان نے صحافی کے سوال کا دلچسپ انداز میں جواب دیتے ہوئے کہا ہم سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں، آپ سورۃ الناس پر پہنچ جاتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے واضح کیا کہ متحدہ اپوزیشن کے قیام کے حوالے سے یہ ابتدائی نشست تھی اور آئندہ مشاورت کے بعد مزید فیصلے کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق جے یو آئی (ف) اور اپوزیشن اتحاد کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات میں متحدہ اپوزیشن کے قیام پر اتفاق کے ساتھ اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس بھی کل بلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں اپوزیشن جماعتوں کے درمیان آئندہ کی مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا جائے گا اور پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن کے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں بانی چیئرمین کی صحت کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ اس معاملے پر اپوزیشن جماعتوں کے مؤقف اور آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اتحاد کی جانب سے مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کی جائے گی، جس میں سیاسی صورتحال اور مشترکہ حکمت عملی سمیت مختلف امور پر مزید تبادلہ خیال متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن جماعتوں کے درمیان یہ ابتدائی سطح کی اہم نشست تھی، جس کے بعد مزید مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ آئندہ اجلاسوں میں متحدہ اپوزیشن کے دائرہ کار، مشترکہ سیاسی حکمت عملی اور پارلیمانی کردار سے متعلق امور کو حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 02

6ء کے حوالے سے اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان آج دنیا کے ساتھ ہم آواز ہو کر دہشت گردی کے متاثرین کی یاد میں مختص دن پر تمام متاثرین سے پُرخلوص اظہار یکجہتی اور خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی بنی نوع انسان کو درپیش سب سے سنگین مسائل میں سے ایک ہے۔ انسانیت سے عاری عناصر ہی اپنے مذموم مقاصد کے لیے معصوم انسانوں کی جانوں سے کھیل سکتے ہیں۔ دہشت گردی کے متاثرین میں جاں بحق افراد کے لواحقین اور عمر بھر کے لیے زخمی ہونے والے افراد بھی خصوصی ہمدردی کے مستحق ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے متاثرین میں شامل ہے۔ ہماری نڈر افواج نے اس ناسور کے خلاف جنگ میں قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بہادر افسران و اہلکاروں اور معصوم شہریوں نے بھی اپنی جانیں قربان کی ہیں۔ انہوں نے دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے تمام شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سلام پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانی صرف قیمتی جانوں تک محدود نہیں بلکہ ملک نے اس کی بھاری معاشی اور سماجی قیمت بھی ادا کی ہے۔ دہشت گردی نے شہریوں کی معاشی آسودگی اور ملکی ترقی و خوشحالی کے سفر کو متاثر کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اپنے بھرپور قومی عزم کے ساتھ پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ دنیا کی کوئی قوم، تہذیب، مذہب یا عقیدہ دہشت گردی کی ترغیب نہیں دیتا۔ دہشت گردی کی کارروائیاں بیمار ذہن اور غیر انسانی نظریے کی عکاسی کرتی ہیں۔ عالمی برادری کی جانب سے دہشت گردی کی بلا امتیاز مذمت اور اس کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے متاثرین کی جسمانی، نفسیاتی اور سماجی بحالی بھی مشترکہ عالمی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ حکومت پاکستان نے محدود وسائل کے باوجود دہشت گردی کے متاثرین اور اس کے خلاف نبرد آزما قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی فلاح و بہبود اور ضروریات کو ہمیشہ ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سرکاری سطح پر شہداء کے لواحقین اور دہشت گردی کے متاثرین کے لیے ایک مربوط معاوناتی نظام موجود ہے۔ تمام متاثرین کو علاج، بحالی اور شہری سہولیات تک فوری اور آسان رسائی فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے عالمی، قومی، اجتماعی اور انفرادی سطح پر تمام متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ مثبت انسانی اقدار اور بین الاقوامی قوانین کی بالادستی کو عملی طور پر تسلیم کرتے ہوئے دہشت گردی، تخریب کاری اور منفی رجحانات کے خلاف اپنی آواز بلند کریں۔

بقیہ 03

کا انتخابی اجلاس کوئٹہ میں زیر نگرانی مرکزی کنوینر مولانا مفتی شفیع الدین صاحب منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملک کے چاروں صوبوں بشمول وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے مرکزی مجلس شوریٰ کے معزز اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں معزز اراکین مرکزی مجلس شوریٰ نے اکثریت رائے سے مولانا عبدالقادر لونی کو آئندہ پانچ سال کیلئے مرکزی امیر اور مجلس شوریٰ نے اکثریت رائے سے مولانا محمود الحسن قاسمی کو مرکزی جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا اجلاس سے جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے نومنتخب مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی کنوینر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمن نکیال صوبائی کنوینر بلوچستان مولانا قاری مہراللہ کنوینر کراچی ڈویژن مولانا عبدالستار مدنی صوبائی کنوینر مولانا قمرالدین کلاچی صوبائی کنوینر پنجاب مولانا قاری محمد اکمل مولانا عبدالوہاب ڈھیر مولانا ثناءاللہ فاروقی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت کی ذمہ داری درحقیقت ایک عظیم امانت اور ذمہ داری سپرد کیا گیا اس عظیم امانت کا حق ادا کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ سے استقامت کی دعا ہے۔ ورکرز اور ذمہ داران اب پورے عزم، ولولے کے ساتھ میدان میں نکل کر اتحاد، محنت اور مسلسل جدوجہد سے اکابرین کی ارمانوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائے انتظامی ڈھانچہ کسی بھی تنظیم کی ریڑھ کی ہڈی ہوتا ہے۔ جماعت کی نظم میں ایک رکن کا فعال کردار صرف احکامات کی تعمیل تک محدود نہیں ہوتا، بلکہ یہ ذمے داری، پاسداری کا مجموعہ ہوتا ہے۔ جماعت میں ماتحت یونٹ سے لیکر مرکز تک ہر شعبے میں اپنا فعال اور مؤثر کردار ادا کرے اور اپنے عظیم اہداف کی حصول پر نظر رکھے۔ جب جماعت کا ہر رکن نظم اور خود احتسابی کے ساتھ فعالیت کا مظاہرہ کرے تو تنظیم میں ایک نئی روح اور تحرک پیدا ہوتا ہے۔ جماعت میں اعتماد، محبت اور اخوت کے ماحول کو مضبوط سے مضبوط تر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کا منشور اور مقصد آئینی، سیاسی اور دینی لحاظ سے پاکستان میں مکمل اسلامی نظام کے نفاذ اور ملک کی سیاست میں اسلامی و نظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کے لیے جمعیت علما اسلام نظریاتی ملک میں سیاسی جدوجہد کر رہے ہیں جمعیت نظریاتی کی مقاصد ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ اور مظلوم کی حمایت اور ظالم سے بغاوت ہے روز اول سے اسلامی اساس پر اپنا فکری اور سیاسی اور نظریاتی کام کر رہی ہے۔ قرآن وسنت کی بالادستی اور اسلامی قوانین کا نفاذ۔ معاشی عدل: سود اور طبقاتی استحصال کا خاتمہ، اور عادلانہ معاشی نظام۔ جمہوری اقدار: شورائی نظام اور عوامی حقوق کا تحفظ ، مظلوم اور عوام کی حمایت حقوق مزدور و کسان، محنت کشوں کو ان کی محنت کا پورا صلہ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی۔ استحصال، ظالم اور سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف ۔ عالمی سطح پر مسلم امہ آزادی اور خودمختاری جمعیت نظریاتی کا منشور کا حصہ ہے انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام انسانیت کی اجتماعیت کی اساس ہے ۔ جہاں قرآن وسنت کی بالادستی ہو اور قرآن وسنت کا قانون ہی نافذ العمل ہو تو عدل وانصاف کا بول بالا ہوگا انہوں نے کہا 75 سال سے قوم کو بے رحم کرپٹ اور لادینیت نظام کے سپرد کر دیا گیا ہے جس سے قوم وملک معاشی تباہی اور بحرانوں کا سامنا کر رہی ہے۔ جو ملکی ترقی و خوشحالی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام نظریاتی کا سیاست میں حصہ لینا ان کے ملی و دینی فریضہ کے ساتھ ساتھ ان کے اپنے اسلاف واکابر کی شاندار روایات کا اہم حصہ اور ان کا ورثہ بھی ہے اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام لانے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ اور ہمیشہ مظلوموں کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی اور جماعتی اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا انہوں نے کہا کہ موروثیت اور جاگیردارانہ سیاست سے ملک وقوم مسائل سے دوچار ہے موروثی سیاستدان قوم کو فکر اور سیاسی شعور دینے کی بجائے غلامانہ سوچ کو پروان چڑھا کر موروثی سیاست کو فروغ دے رہی ہے ملک کا سیاسی نظام موروثیت کی گرہ سے بندھنے کی وجہ سے سیاسی اور معاشی بحرانوں سے دوچار ہے جاگیردار اور سرمایہ دار نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر عوام کا استحصال کیا گیا انہوں نے کہا کہ اکابرین کی جماعت اس وقت تک اپنے منزل واہداف تک نہیں پہنچ سکتی ہے جب تک موروثیت سیاست کا جنازہ نہ نکالے۔ قوم موروثی سیاست کی خاتمے کے لیے جمعیت علما اسلام نظریاتی کا دست وبازو بنے

بقیہ 04

ور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے پاکستان اور سوئٹزرلینڈ کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور سوئٹزرلینڈ دوطرفہ تعاون کے فروغ پر توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان بزنس ٹو بزنس روابط مزید مستحکم بنانے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سوئٹزرلینڈ کے تعلقات میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی روابط کو وسعت دینے سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 05

انتظامی امور کے حوالے سے یہ قانون سازی ناگزیر تھی اور اس کے علاوہ اس کے کوئی مقاصد نہیں ہیں ۔ پاکستان ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 کے مجوزہ مسودے میں چیف آف ڈیفنس فورسز کے نئے عہدے، وفاقی کمانڈ کے ڈھانچے، تینوں مسلح افواج کے درمیان رابطہ کاری اور مشترکہ آپریشنل صلاحیت بہتر بنانے سے متعلق متعدد قانونی شقیں شامل کی گئی ہیں۔ مجوزہ قانون آئین کے آرٹیکل 243 کے تحت وفاقی کمانڈ کے ڈھانچے کو قانونی بنیاد فراہم کرے گا۔ مسودے کے مطابق آئین کے آرٹیکل 243 کے تحت ”چیف آف ڈیفنس فورسز“ کا عہدہ تجویز کیا گیا ہے، جبکہ چیف آف آرمی اسٹاف اور دیگر سروس چیفس سے متعلق امور کی بھی وضاحت کی گئی ہے۔ مجوزہ قانون کے تحت چیف آف ڈیفنس فورسز کو مسلح افواج کی تنظیم، تشکیل، جنگی تیاری اور تینوں سروسز کے درمیان مشترکہ آپریشنل صلاحیت بہتر بنانے کے لیے ضروری احکامات جاری کرنے کا اختیار دینے کی تجویز ہے۔ چیف آف ڈیفنس فورسز کا بنیادی کردار مسلح افواج کے درمیان رابطہ کاری، مشترکہ امور اور مشترکہ آپریشنز کو مؤثر بنانے کے حوالے سے متعین کیا گیا ہے۔ بل کے مسودے میں ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز کے قیام کی تجویز بھی شامل ہے۔ یہ ہیڈکوارٹرز مسلح افواج کے مرکزی ہیڈکوارٹر کے طور پر کام کرے گا، جبکہ چیف آف ڈیفنس فورسز اس کے سربراہ ہوں گے۔ مجوزہ قانون کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز کے امور کی نگرانی کریں گے اور مسلح افواج سے متعلق اہم معاملات میں وزیراعظم کو مشورہ دینے کی ذمہ داری بھی ادا کریں گے۔ مسودے میں چیف آف ڈیفنس فورسز کو مسلح افواج سے متعلق معاملات میں وزیراعظم کے سامنے ذمہ دار بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ انہیں مسلح افواج کے اعلیٰ افسران سے متعلق بعض اختیارات دینے کی تجویز بھی شامل ہے، تاہم بعض معاملات میں وزیراعظم کی منظوری لازمی ہوگی۔ اس طرح مجوزہ قانون میں چیف آف ڈیفنس فورسز کے اختیارات کے ساتھ ساتھ وزیراعظم کی آئینی و انتظامی نگرانی کے دائرہ کار کو بھی واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بل کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز کو قومی سلامتی، علاقائی سلامتی اور قومی مفادات سے متعلق معاملات میں مرکزی رابطہ کاری کا کردار دینے کی تجویز ہے۔ ان کے اختیارات میں تینوں مسلح افواج کے درمیان باہمی رابطہ، مشترکہ آپریشنز، مشترکہ امور، تنظیم، جنگی تیاری اور دفاعی صلاحیت کو بہتر بنانے سے متعلق اقدامات شامل ہوں گے۔ مسودے کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز افواج کے باہمی رابطے اور مشترکہ کارروائیوں کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری اقدامات اور ہدایات جاری کر سکیں گے۔ مجوزہ قانون میں چیف آف ڈیفنس فورسز کے اختیارات اور ایکٹ پر مؤثر عمل درآمد کے لیے قواعد وضوابط بنانے کا اختیار وفاقی حکومت کو دینے کی تجویز ہے۔ وفاقی حکومت ایکٹ کی دفعات کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری قواعد وضع کر سکے گی، جبکہ ایکٹ پر عمل درآمد کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کی جا سکیں گی۔ مسودے میں چیف آف ڈیفنس فورسز کو بھی اپنی ذمہ داریوں اور اختیارات کے دائرہ کار میں ضروری ہدایات اور ضوابط جاری کرنے کا اختیار دینے کی تجویز شامل ہے تاکہ قانون کی دفعات پر مؤثر انداز میں عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ بل کے مسودے میں عملی مشکلات کے ازالے کے لیے بھی خصوصی شق شامل کی گئی ہے۔ اس کے تحت اگر ایکٹ کی کسی شق پر عمل درآمد میں عملی دشواری پیدا ہو تو حکومت کو اسے دور کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ ضرورت پڑنے کی صورت میں صدر مملکت کے حکم کے ذریعے بھی ایسی عملی مشکل کو دور کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ مجوزہ قانون میں عبوری نوعیت کی شق بھی شامل ہے۔ اس کے مطابق ایکٹ کے نفاذ سے قبل جاری کیے گئے احکامات، اعلانات، ہدایات اور ضوابط بدستور نافذ العمل رہیں گے، تاہم یہ تحفظ اسی صورت میں حاصل ہوگا جب وہ نئے قانون کی دفعات سے متصادم نہ ہوں۔ یعنی سابقہ قانونی و انتظامی اقدامات صرف اس حد تک برقرار رہیں گے جہاں تک وہ نئے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 کی دفعات سے متصادم نہ ہوں۔ بل کے مسودے میں ”پاکستان آرمی ایکٹ 1952، پاکستان ایئر فورس ایکٹ 1953 اور پاکستان نیوی آرڈیننس 1961“ سے متعلق شقیں بھی شامل کی گئی ہیں۔ مجوزہ قانون کے تحت ان قوانین کے تحت مسلح افواج سے متعلق امور کو نئے قانونی فریم ورک سے ہم آہنگ کرنے کی تجویز ہے۔ مسودے میں موجودہ قوانین کے تحت کیے گئے اقدامات کو قانونی تحفظ دینے کی شق بھی شامل ہے۔ تاہم ایسے اقدامات اسی حد تک برقرار رہیں گے جہاں تک وہ نئے ایکٹ کی دفعات سے متصادم نہ ہوں۔ پاکستان ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 کا مجوزہ قانون مجموعی طور پر وفاقی کمانڈ، تینوں مسلح افواج کے درمیان رابطہ کاری، مشترکہ آپریشنل صلاحیت، قومی سلامتی اور دفاعی انتظام سے متعلق ایک نیا قانونی فریم ورک فراہم کرنے کی تجویز پیش کرتا ہے۔ مسودے میں چیف آف ڈیفنس فورسز کو اس نئے نظام میں مرکزی کردار دینے، ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز کو مسلح افواج کے مرکزی ہیڈکوارٹر کے طور پر قائم کرنے اور وزیراعظم کو دفاعی امور پر مشاورت فراہم کرنے کی ذمہ داری تفویض کرنے کی تجاویز شامل ہیں۔ یوں مجوزہ قانون کا بنیادی مقصد آئین کے آرٹیکل 243 کے تحت وفاقی کمانڈ کے ڈھانچے کو واضح قانونی بنیاد فراہم کرنا، تینوں مسلح افواج کے درمیان مشترکہ آپریشنل رابطہ مضبوط بنانا اور قومی و علاقائی سلامتی سے متعلق امور میں مرکزی سطح پر مؤثر رابطہ کاری کا نظام وضع کرنا ہے۔ دریں اثنا نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی ایکٹ کی مزید تفصیلات بھی سامنے آگئی ہیں۔ مجوزہ قانون پارلیمنٹ سے منظوری کے بعد فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، تاہم اس کا اطلاق 27 نومبر 2025 سے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ مجوزہ ترمیمی قانون میں نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے موجودہ قانونی فریم ورک میں اہم تبدیلیاں تجویز کی گئی ہیں، جن کے تحت چیئرمین جائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کی جگہ چیف آف ڈیفنس فورسز کے الفاظ شامل کیے جائیں گے۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا حصہ ہوں گے ترمیمی ایکٹ کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز کو نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا رکن بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس طرح نئے وفاقی کمانڈ ڈھانچے کے تحت چیف آف ڈیفنس فورسز کو نیشنل کمانڈ اتھارٹی میں بھی اہم کردار حاصل ہوگا۔ مسودے کے مطابق نیشنل کمانڈ اتھارٹی کی تشکیل سے متعلق متعلقہ قانونی شقوں میں جہاں جہاں چیئرمین جائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے الفاظ موجود ہیں، وہاں ان کی جگہ چیف آف ڈیفنس فورسز کے الفاظ شامل کیے جائیں گے۔ کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ بھی اتھارٹی میں شامل ترمیمی ایکٹ میں کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کو بھی نیشنل کمانڈ اتھارٹی میں شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس ترمیم کے نتیجے میں نیشنل کمانڈ اتھارٹی کی تشکیل میں وفاقی کمانڈ کے نئے ڈھانچے کے مطابق تبدیلیاں کی جائیں گی اور چیف آف ڈیفنس فورسز کے ساتھ کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کو بھی اتھارٹی کا حصہ بنایا جائے گا۔ قانون کا اطلاق 27 نومبر 025 سے مجوزہ قانون کی ایک اہم شق کے مطابق نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی ایکٹ پارلیمنٹ سے منظوری کے بعد فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، جبکہ قانون کا اطلاق 27 نومبر 2025 سے تصور کیا جائے گا۔ اس طرح قانون کی منظوری کے بعد اس کی قانونی حیثیت فوری طور پر قائم ہوگی، تاہم اس کی دفعات کا اطلاق مقررہ سابقہ تاریخ سے کیا جائے گا۔ نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی ایکٹ میں تجویز کردہ تبدیلیاں وفاقی کمانڈ کے نئے قانونی ڈھانچے کے ساتھ مطابقت پیدا کرنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ ان ترامیم کے ذریعے نیشنل کمانڈ اتھارٹی میں عہدوں اور نمائندگی کو نئے وفاقی کمانڈ نظام کے مطابق ترتیب دینے کی تجویز دی گئی ہے۔ مجوزہ ترامیم میں بالخصوص چیئرمین جائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کی جگہ چیف آف ڈیفنس فورسز کا نام شامل کرنا، چیف آف ڈیفنس فورسز کو نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا حصہ بنانا اور کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کو اتھارٹی میں شامل کرنا نمایاں تبدیلیاں ہیں۔

بقیہ 06

دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت احتجاج پر مجبور ہوگی، آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن صوبے بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے جو ٹھیکیداروں کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنائے گی اور کسی بھی غیر قانونی عمل کے خلاف اپنی بھرپور اور مؤثر آواز اٹھائے گی اور کسی کو یہ اجازت نہیں دے گی کہ وہ ٹھیکیدار برادری کے خلاف ذاتیات کرے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان نے 30 جنوری 2026 کو مکمل ہونے والے ایک منصوبے کیلئے 1 کروڑ 32 لاکھ روپے کی رقم ریلیز کی جس کی ادائیگی کیلئے متعلقہ ٹھیکیدار سے رشوت طلب کی گئی جو نہ دینے پر ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل نے 30 جون کو فنڈز لیپس کردیے گئے جس کی آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں افسوس ہے کہ ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل کے خلاف ان سنگین الزامات کے باوجود سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے کوئی بھی ابھی تک نہ تو کوئی محکمانہ انکوائری عمل میں لائی ہے اور نہ ہی انکے خلاف کوئی کارروائی کی گئی ہے اب ہم باقاعدہ طور پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر کو اپنی شکایت اور تمام متعلقہ حقائق سے آگاہ کریں گے اور امید رکھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان اس معاملے میں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائیں گے اور ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور متعلقہ ٹھیکیدار کو فوری طور پر 1 کروڑ 32 لاکھ روپے کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن واضح کرنا چاہتی ہے کہ اگر ہماری شکایات کے ازالے کے لئے فوری طور پر اقدامات نہیں اٹھائے گئے تو ایسوسی ایشن ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل کے خلاف قانونی کارروائی کریگی۔ ترجمان نے کہا کہ ہمارا مقصد کسی فرد کو بلا ثبوت بدنام کرنا نہیں بلکہ الزامات کی شفاف، غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اور اینٹی کرپشن سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ رشوت نہ دینے پر فنڈز لیپس کرنے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائیں اور غفلت کے مرتکب افسران اور عملے کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 07

آیا؟ وزارت بین الصوبائی رابطہ کا جواب کیوں نہیں آیا؟ انہوں نے کہا کہ اگر سنجیدگی سے بزنس نہیں لینا تو پھر وقفہ سوالات نہیں کرتے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ بین الصوبائی رابطہ کی جانب سے کسی افسر نے آنے کی زحمت نہیں کی، ان کے اسٹاف نے بھی آنا گوارا نہیں کیا۔ اسپیکر نے سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ سمیت دیگر متعلقہ حکام کو طلب کرنے کی ہدایت کردی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے خبردار کیا کہ اگر آئندہ متعلقہ حکام اجلاس میں نہ آئے تو وزیر پارلیمانی امور اور متعلقہ افسر کے خلاف تحریک استحقاق لائی جائے۔ وقفہ سوالات کے دوران وزارت اوورسیز پاکستانیز کے وزیر کی عدم موجودگی کا معاملہ بھی سامنے آیا، جس پر اسپیکر نے تمام متعلقہ افراد کی شرکت یقینی بنانے کے لیے قومی اسمبلی کا اجلاس 15 منٹ کیلئے ملتوی کر دیا۔

بقیہ 08

ترجمان سٹیفن دوجارک کے مطابق سیکرٹری جنرل نے آئی سی سی کی صدر ٹوموکو اکانے اور عدالت کے سینئر ٹرائل وکیل عبداللہ سے پر امریکی کی جانب سے عائد پابندیوں پر تشویش ظاہر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ عالمی فوجداری عدالت کو بین الاقوامی فوجداری انصاف کا اہم ستون سمجھتا ہے اور اس کے کام کا مکمل احترام کرتا ہے۔ خیال رہے کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے 18 اگست کو آئی سی سی کی صدر اور سینئر ٹرائل وکیل عبداللہ سے پر پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ واشنگٹن کا مؤقف ہے کہ آئی سی سی نے ایسے ممالک کے حکام کے خلاف کارروائی کی کوشش کی جنہوں نے عدالت کے دائرہ اختیار کو تسلیم نہیں کیا۔ آئی سی سی نے امریکی اقدام کو عدالت کی آزادی اور بین الاقوامی قانون کی حکمرانی کیلئے خطرہ قرار دیتے ہوئے مذمت کی، جاپان سمیت متعدد ممالک نے بھی امریکی پابندیوں پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 09

کی انتقامی کارروائی کا الزام بالکل بے بنیاد اور غلط ہے۔ حکومت کسی سیاسی انتقام کے تحت نہیں بلکہ قانون اور عدالتی فیصلوں کے مطابق کام کر رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے پر من وعن عمل درآمد ہوگا اور حکومت اپنے مؤقف پر قائم ہے۔ ان کے مطابق سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کا مقصد فیصلے پر عمل درآمد روکنا نہیں بلکہ صرف قانونی وضاحت حاصل کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عدالت سے رجوع کا مقصد یہ جاننا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ کسی مخصوص قیدی کے لیے ہے یا تمام قیدیوں پر لاگو ہوتا ہے۔ اگر فیصلہ موجودہ طریقہ کار پر لاگو ہوا تو حکومت اس کی بھی مکمل پاسداری کرے گی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مروجہ قوانین کے تحت جیلوں میں موجود تمام سزا یافتہ افراد کو طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں اور ضرورت پڑنے پر قیدیوں کو مکمل علاج معالجے کے لیے سرکاری ہسپتالوں میں منتقل کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر بانی پی ٹی آئی کو سرکاری ہسپتال میں مناسب علاج فراہم نہ ہو سکا تو حکومت تمام قانونی آپشنز پر غور کر سکتی ہے۔ ان کے علاج کے لیے شفا ہسپتال یا ضرورت پڑنے پر بیرون ملک بھیجنے کے آپشن پر بھی غور کیا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور کا کہنا تھا کہ حکومت کی نیت بالکل واضح ہے، کسی بھی قیدی کو طبی سہولت سے محروم نہیں رکھنا چاہیے۔ قانون کی پاسداری کے ساتھ ساتھ انسانی اور طبی تقاضے پورے کرنا بھی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عدالتوں کے فیصلوں کا احترام اور قانون کی بالادستی پر مکمل یقین رکھتی ہے۔ یاسمین راشد سمیت تمام قیدیوں کے طبی اور قانونی حقوق کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 10

رٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، خلیل پانیزئی ایڈووکیٹ، سلیم لاشاری ایڈووکیٹ، بلوچستان سروس ٹریبونل کے چیئرمین اکبر شاہ ایڈووکیٹ، بیرسٹر راجہ جواد، نصیر ہنگورئی ایڈووکیٹ، عجب خان کاکڑ، عبدالستار شیرانی ایڈووکیٹ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس کامران ملاخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان بار ایسوسی ایشن نے ہمیشہ اپنی روایات کی پاسداری کی ہے، نئے جوڈیشل افسران کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وکلاء کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے، تاہم لاء گریجویٹس کو پڑھانے کے بجائے صرف ڈگریاں دی جارہی ہیں، اس روش کو بدلنا ہوگا وکلاء تنظیموں کو اس جانب خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ لاء کالجز کے طریقہ کار کو چیک کرنے کی ضرورت ہے تاکہ قانون کے شعبے میں آنے والے نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور قوانین کے حوالے سے مکمل آگاہی فراہم کی جا سکے انہوں نے کہا کہ ہائی کورٹ میں ویڈیو لنک کی سہولت دستیاب کروادی گئی ہے، جس سے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے سائلین اور وکلاء مستفید ہو سکیں گے۔ ویڈیو لنک کی سہولت سے سائلین اور وکلاء کے وقت اور اخراجات دونوں کی بچت ہوگی جسٹس کامران ملاخیل نے کہا کہ کیسز کے حوالے سے ہائی کورٹ میں ون ونڈو آپریشن شروع کر رہے ہیں، جبکہ عدالتوں کے احاطوں میں غیر ضروری رش سے گریز کیا جائے۔ سوشل میڈیا پر کیسز کی تشہیر کے خلاف بھی آرڈر جاری کیا جائے گا چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نے کہا کہ عدالتوں کے احاطے میں رش کے ذریعے ججوں کو دباؤ میں نہیں لایا جاسکتا۔ ہمیں اپنے ساتھ عوام اور سائلین کے تحفظ کا بھی احساس ہے۔ عدالتوں کی سکیورٹی کا دن میں کئی بار جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ مؤثر اقدامات اٹھائے جاسکیں۔

بقیہ 11

منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے زیر اہتمام انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈز 2026 کی اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے صدر سردار ثاقب نسیم اور چیئرمین ایوارڈ کمیٹی محمد رؤف راجہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری افراد اور اداروں کی محنت، جدت اور عزم کو سراہنا صرف ان کی حوصلہ افزائی ہے بلکہ دیگر نوجوانوں اور کاروباری افراد کے لیے بھی مشعل راہ ہے۔ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً 71 لاکھ 40 ہزار مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز کام کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ایک چھوٹے کاروبار کو مضبوط کرنا دراصل ایک خاندان، ایک کمیونٹی اور ملک کے معاشی مستقبل کو مضبوط کرنا ہے۔ پاکستان کو ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو صرف ملازمت کے متلاشی نہ ہوں بلکہ روزگار پیدا کرنے والے بھی بنیں۔ ایک کامیاب کاروباری شخص اپنے لیے آمدنی کے ساتھ ساتھ دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں، تاہم ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر، سرمایہ، ٹیکنالوجی، تربیت، رہنمائی اور مارکیٹ تک رسائی بھی ضروری ہے۔ نوجوانوں کو یہ اعتماد دینا ہوگا کہ وہ اپنے آئیڈیاز کو کامیاب کاروبار، اداروں اور بین الاقوامی برانڈز میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ سیدال خان نے ایس ایم ایز کو درپیش مالی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آسان اور کم لاگت مالی وسائل تک رسائی ایک اہم چیلنج ہے۔ حکومت کی جانب سے ایس ایم ای فنانسنگ اور مالی شمولیت کے فروغ کے لیے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ 2026-28 ایکسس ٹو فنانس پلان میں بھی ایس ایم ایز سمیت ترجیحی شعبوں کے لیے آسان اور قابل برداشت قرضوں تک رسائی بڑھانے پر توجہ دی گئی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے خواتین کی معاشی شمولیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کاروباری افراد کو مالی وسائل، تربیت، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور مقامی و عالمی منڈیوں تک بہتر رسائی فراہم کرنا ہوگی۔ خواتین کی معاشی شمولیت کے بغیر پاکستان کی مکمل معاشی ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ایس ایم ایز کو صرف مقامی مارکیٹ تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ ای کامرس، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی مصنوعات کے ذریعے بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنی چاہیے۔ ایس ایم ایز کو عالمی ویلیو چینز کا حصہ بنا کر پاکستان کے لیے زرمبادلہ، روزگار اور معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ سیدال خان نے کہا کہ پارلیمان کا کردار صرف قانون سازی تک محدود نہیں بلکہ ایسی پالیسیوں اور قوانین کی تشکیل بھی ہماری ذمہ داری ہے جو کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کریں۔ آسان کاروبار، شفاف نظام، مستحکم پالیسیوں، کم رکاوٹوں اور سرمایہ کاری کے بہتر مواقع کے ذریعے مضبوط معاشی بنیاد قائم کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کاروباری برادری کو یقین دلایا کہ پارلیمان ملک کے معاشی مفادات اور کاروباری طبقے کے مسائل کو سنجیدگی سے دیکھتی ہے، جبکہ کاروباری برادری کی تجاویز اور تجربات پالیسی سازی کے عمل میں انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈز 2026 حاصل کرنے والے کامیاب کاروباری افراد اور اداروں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوارڈ صرف اعزاز نہیں بلکہ مزید محنت، جدت اور قومی ذمہ داری کا تقاضا بھی ہے۔ کامیاب کاروباری افراد کی کامیابی دوسرے نوجوانوں کے لیے امید اور حوصلے کا ذریعہ ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مضبوط ایس ایم ایز، مضبوط کاروباری طبقہ اور بااختیار نوجوان ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہیں۔

بقیہ 12

رکر کے ان کے قبضے سے ایک کروڑ 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 91.562 کلوگرام منشیات برآمد کرلی تفصیلات کے مطابق اے این ایف کے عملے نے بلوچستان کے علاقے خانوزئی پشین کے قریب ٹرک سے 72 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا اس کے علاوہ اسلام آباد ایئرپورٹ سے جدہ جانے والے مسافر کے بیگ سے 362 گرام آئس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پشاور کے علاقے سے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 10.8 کلو افیون برآمد کرلی لاہور کے علاقے میں 3 ملزمان سے 5.4 کلو ہیروئن برآمد کرلی۔ جامشورو میں دو ملزمان سے 1.3 کلو آئس جبکہ اسلام آباد میں ملزم سے 1.2 کلو چرس اور سکھر سے ملزم کے قبضے سے 500 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمہ درج کرکے تحقیقات شروع کردی۔

بقیہ 13

وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں پہنچے تو ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اس دوران چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے ہاتھ جوڑ کر وکلا کو تالیاں بجانے سے روک دیا۔ استقبالیہ کا اہتمام وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل پیر مسعود چشتی نے کیا، تقریب میں جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس عائشہ اے ملک اور جسٹس علی باقر نجفی نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل پیر مسعود چشتی کے چیف جسٹس پاکستان اور آئینی عدالت کے چیف جسٹس کو وکلا کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا، پیر مسعود چشتی نے سپریم کورٹ لاہور رجسٹری کو فعال رکھنے پر چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کا شکریہ ادا کیا جبکہ آئینی عدالت کے چیف جسٹس سے سپریم کورٹ لاہور رجسٹری کے آئینی بنچ میں وڈیو لنک کی سہولت فراہم کرنے کا مطالبہ بھی کر دیا۔ تقریب میں ممبران پاکستان بار کونسل حفیظ الرحمٰن چوہدری، طاہر نصر اللہ وڑائچ اور ثاقب اکرم گوندل سمیت سینئر ایڈووکیٹ محسن ورک، ڈپٹی اٹارنی جنرل راجہ خرم شہزاد، ڈپٹی اٹارنی جنرل سونیا جدون اور اسسٹنٹ اٹارنی جنرل چوہدری عثمان بھی تقریب میں شریک ہوئے۔

بقیہ 14

الے سے بل ابھی تک ان کے سامنے نہیں آیا۔ حکومت نے بل کا مسودہ اپوزیشن کے ساتھ شیئر نہیں کیا، جبکہ بل میں شامل بعض معاملات تکنیکی نوعیت کے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک بل کا مسودہ سامنے نہیں آتا، اس کی مخالفت یا حمایت کے حوالے سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ میں نے ایوان میں درخواست کی تھی کہ کوئی بھی بل ہو اسے ایڈوانس میں ایوان میں لایا جائے تاکہ ارکان اس کا جائزہ لے سکیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بل کو ایوان میں بحث کے بعد پیش کیا جائے یا متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کو بھیجا جائے تاکہ اس پر تفصیلی غور کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بانی تحریک انصاف عمران خان نے بھی کہا ہے کہ پاکستان ہمارا ہے اور فوج بھی ہماری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہونا سب کی خواہش ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے سیاسی معاملات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ملاقاتیں نہ ہونے سے چیزیں خراب ہوتی ہیں، وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات ہونی چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف آج تک اپوزیشن لیڈر کے چیمبر نہیں آئے، سیاسی معاملات کے حل اور پارلیمانی امور کو بہتر بنانے کے لیے قیادت کی سطح پر ملاقاتیں ضروری ہیں۔

بقیہ 15

قیمت 137 ڈالر اضافے کیساتھ 4 ہزار 495 ڈالر ہوگئی جبکہ پاکستان میں فی تولہ سونے کی قیمت میں 13 ہزار 700 روپے اور دس گرام سونے کی قیمت میں 10 ہزار 768 روپے کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ قیمتوں میں اضافے کے باعث مقامی صرافہ بازاروں میں فی تولہ سونے کی قیمت 4 لاکھ 71 ہزار 936 روپے اور دس گرام سونے کی قیمت 4 لاکھ 4 ہزار 609 روپے ہوگئی۔ دوسری جانب مقامی مارکیٹ میں فی تولہ چاندی کی قیمت 317 روپے کے اضافے سے 7 ہزار 169 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 317 روپے کے اضافے سے 6 ہزار 146 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ 16

وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ، سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور شیری رحمان بھی شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات کے دوران پیپلز پارٹی نے اہم قومی، پارلیمانی اور سیاسی معاملات میں نظر انداز کیے جانے کی شکایات کے انبار لگا دیے۔ پیپلز پارٹی کی جانب سے آزاد کشمیر کے انتخابات کے حوالے سے بھی اپنے تحفظات سے آگاہ کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی نے حکومت کو خبردار کیا کہ اگر وعدہ خلافیوں کا سلسلہ جاری رہا تو ساتھ چلنا مشکل ہو جائے گا۔ پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر انتخابات میں دھاندلی کے سنگین الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ بھی کیا۔ حکومتی وفد نے مؤقف اختیار کیا کہ اگر پیپلز پارٹی آزاد کشمیر انتخابات میں دھاندلی کے ٹھوس شواہد فراہم کرے تو تحقیقات کرانے کے لیے تیار ہیں۔ ذرائع کے مطابق قانون سازی کے معاملے پر بھی پیپلز پارٹی کے خدشات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اتحادی جماعت کے تحفظات کو دور کیا جائے گا۔ ملاقات میں دونوں جماعتوں نے قانونی اور پارلیمانی امور پر باہمی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں دونوں اتحادی جماعتیں اپنے اختلافات ختم کریں اور اس مقصد کے لیے وہ اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ میرا چیمبر آپ کے لیے ہر وقت حاضر ہے۔***

بقیہ 17

پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف بہادر سیکیورٹی فورسز کی جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی نے ہنگو آپریشن کے دوران 5 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں امن دشمن عناصر کے لیے واضح پیغام ہیں کہ ان کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کی جرات اور قربانیوں پر فخر کرتی ہے۔ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک قوم سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کی بیخ کنی کے لیے قوم اور سیکیورٹی اداروں کا غیر متزلزل عزم لائق تحسین ہے۔ پاکستان کے امن اور سلامتی کو نقصان پہنچانے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو ملک میں امن و استحکام کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف قومی عزم اور اتحاد ہی دشمن کے عزائم کو ناکام بنانے کی ضمانت ہے۔

بقیہ 18

کے بعد آگ لگادی اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ بارنا گزری لانڈی کے قریب پیش آیا، جہاں دونوں ٹرک دالبندین سے تفتان کی جانب جا رہے تھے۔ کہ ان پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرنے کے بعد دونوں ٹرکوں کو آگ لگادی، جس کے نتیجے میں ٹرک جل کر تباہ ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، جبکہ اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 19

و نے آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس 24 اگست کو کراچی ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے بار روم میں طلب کیا ہے اجلاس میں پشاور میں ہونیوالے وکلاء سول سوسائٹی اور عوام کے جلسے کی تاریخ اور جگہ کا اعلان کیا جائے گا اور اس جلسے سے متعلق دوسرے اہم ترین امور انتظامی و دیگر امور پر غور کیا جائے گا اجلاس میں سپریم کورٹ بار ایسوسیشن کے سابق صدر وحامد خان، منیر اے ملک، عابد زبیری کے علاوہ آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے سیکریٹری صدر سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسیشن حسیب جمالی نائب صدر پنجاب ربیعہ باجوہ نائب صدر خیبر پختونخوا علی زمان لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسیشن کے صدر بابر مرتضیٰ لاہور بار کے صدر عرفان حیات باجوہ کے علاوہ آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی سے تعلق رکھنے والے ممبران پاکستان بار کونسل، سندھ بار کونسل کے ممبران بھی شرکت کریں گے۔

بقیہ 20

علیحدہ ڈوری کے مقام پر ناکہ بندی کے دوران مسلح افراد قبائلی سردار شاہ زمان خان علیزئی کو ان کے بیٹے سمیت گاڑی میں اپنے ہمراہ لے گئے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 21

میں 12 ربیع الاول کے جلوس ومجالس کے روٹس، صفائی ستھرائی، سیکیورٹی، بجلی کی فراہمی اور شہر میں روشنی کے انتظامات سمیت دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں صفا کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (MCQ)، پی ڈی ایم اے، کیسکو، سوئی گیس، پولیس، ایف سی، محکمہ صحت (DHO) اور دیگر متعلقہ اداروں نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے ہدایت کی کہ مجالس اور جلوس کے تمام روٹس پر صفائی کے خصوصی انتظامات یقینی بنائے جائیں، تمام مجالس کے مقامات پر بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں جبکہ شہر اور اہم شاہراہوں پر لائٹس کی تنصیب ومرمت مکمل کی جائے۔ انہوں نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ 12 ربیع الاول کے تمام پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ ٹریفک مینجمنٹ، ایمرجنسی رسپانس، طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کو بھی مربوط بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے موقع پر امن وامان، صفائی، سیکیورٹی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔

بقیہ 22

۔شام وفود کی سطح پر اہم مذاکرات ہوئے ، یہ مذاکرات نائب وزیراعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی سے ملاقات کے دوران ہوئے۔ دونوں رہنماؤں نے پاک شام مذاکرات میں دیرینہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں اسحاق ڈار اور شامی وزیر خارجہ نے علاقائی و عالمی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مذاکرات میں فلسطین، گولان کی پہاڑیوں، افغانستان اور جنوبی ایشیا کی صورتحال پر گفتگو کی گئی اور مشرق وسطیٰ کی تازہ صورتحال پر بھی پاک شام وزرائے خارجہ کا تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا جبکہ شامی وزیر خارجہ نے مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کیا۔ شامی وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا اور امریکا ایران تناظر میں کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کی کوششوں کی تعریف کی۔ ملاقات میں پاکستان اور شام کا امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مسلسل رابطے اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق ہوا۔ دونوں ممالک نے خطے اور دنیا بھر میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 23

غریب اور متوسط طبقے کی جماعت ہے اور پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی ہے عوام کی بلارنگ ونسل خدمت کو یقینی بنایا ہے یہی وجہ ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن اور حکومتی ارکان کو یکساں بنیادوں پر فنڈز کی فراہمی یقینی بنائی جس سے صوبے میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل ہوئے اور اب بھی کئی ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام کو مفت تعلیم اور صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھائے صوبے میں غیر فعال اسکولوں اور ہسپتالوں کو فعال کرکے وہاں عملے کی حاضری کو یقینی بنایا گیا ہے اور ہسپتالوں میں داخل مریضوں کو 100 فیصد مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے جس کا سہرا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اسوقت مخلوط صوبائی حکومت میں شامل مسلم لیگ (ن)، بلوچستان عوامی پارٹی کی مکمل حمایت حاصل ہے اور انشاء اللہ صوبائی حکومت اپنے پانچ سال پورے کرے گی۔

بقیہ 24

اظہار کیا۔ وزیراعظم نے صدر احمد الشرع سے اپنی حالیہ ملاقاتوں کا بھی ذکر کیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان شام کے اتحاد اور خودمختاری کے مؤقف کی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور شام کے درمیان تاریخی، گہرے اور دیرینہ دوستانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کو اپنے برادرانہ تعلقات کو مختلف شعبوں میں عملی تعاون میں تبدیل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور شام کے درمیان سیاسی، دفاعی، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، جن سے دونوں ممالک کے عوام کو فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی روابط مزید بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ دوطرفہ تعلقات کو ایک مضبوط معاشی بنیاد فراہم کی جا سکے۔ وزیراعظم نے پاکستان اور شام کے درمیان براہ راست پروازوں کی بحالی کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ براہ راست فضائی رابطے کی بحالی سے پاکستان سے بڑی تعداد میں شام آنے والے زائرین کو بھی سہولت حاصل ہوگی اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان رابطے مزید مضبوط ہوں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے ساتھ ساتھ گولان کی پہاڑیوں کے معاملے پر شام کے مؤقف کی بھرپور حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے اصولی مؤقف کی حمایت جاری رکھے گا۔ شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو صدر احمد الشرع کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے وزیراعظم کو شام کی موجودہ سیاسی صورتحال، ملک میں جاری پیش رفت اور تعمیر نو کی کوششوں سے آگاہ کیا۔ شامی وزیر خارجہ نے گزشتہ برسوں کے دوران شام کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت پر وزیراعظم اور حکومت پاکستان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اسعد حسن الشیبانی نے کہا کہ شامی حکومت پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں گہری دلچسپی رکھتی ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو منظم اور مؤثر بنانے کے لیے جلد باقاعدہ ادارہ جاتی طریقہ کار وضع کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، تاکہ مختلف شعبوں میں تعاون کو عملی شکل دی جا سکے۔ ملاقات کے اختتام پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شامی صدر احمد الشرع کو پاکستان کے سرکاری دورے کی دعوت بھی دی۔ وزیراعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ اعلیٰ سطحی رابطوں اور باہمی دوروں سے پاکستان اور شام کے برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اور دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھلیں گے۔

بقیہ 25

کے بعد جو بھی فیصلہ آئے گا اس پر عمل ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سپریم کورٹ نے جو ریلیف دیا وہ قانون کے مطابق نہیں ہے، میاں نواز شریف کو سروسز اسپتال منتقل کیا گیا تھا اور سروسز اسپتال کے ڈاکٹرز کی رپورٹ کے بعد بیرون ملک علاج کے لیے گئے تھے۔ رانا ثناءاللہ نے مزید کہا کہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی گئی ہے ان کے جواب کا انتظار ہے۔

بقیہ 26

موقع پر چیئرمین سینیٹ نے بل پر اراکین سے شق وار رائے لینے کے بعد بل کو متفقہ طور پر منظور کر لیا۔ بل پیش کرنے کے موقع پر اپوزیشن سینیٹرز نے احتجاج کیا اس موقع پر اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ کیا کوئی حادثہ ہوگیا ہے کہ اس طرح بل منظور کئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ اس بل کو پروسیجر کے تحت آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس بل پر پہلے بحث ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس رویے کی مذمت کرتے ہیں اس کو کمیٹی میں بھجوایا جائے۔ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ ہمیں صرف اشخاص کیلئے قانون نہیں بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جن کو نشان عبرت بنانا چاہیے ان کو نشان امتیاز دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ کو کس بات پر تمغہ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون بنائیں مگر ملک کو امتحان میں نہ ڈالیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہی حالات رہے تو اس کی ذمہ داری پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں پر صوبوں کی ضرورت ہے وہاں پر صوبے بنائیں۔ قوموں کو تباہ کرنے کی بجائے قوموں کو بنانے کی کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک دن سینیٹ کا اجلاس صرف اس لئے ہونا چاہیے کہ پاکستان میں نئے صوبوں کا قیام ہونا چاہیے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوموں کو آزاد کر کے اپنے ساتھ رکھیں۔ یہ ملک تب ترقی کرے گا جب تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے مطمئن ہونگے۔۔۔۔

بقیہ 27

توں کے حوالے سے تھا۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ الفاظ کے چناؤ میں ان سے غلطی ہوئی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان کا مقصد قوم پرست سیاسی قوتوں کو علیحدگی پسند عناصر کے ساتھ جوڑنا نہیں تھا، بلکہ ان کا حوالہ پاکستان میں سرگرم علیحدگی پسند قوتوں سے تھا۔

بقیہ 28

ز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس میں پہنچے تو سب سے پہلے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور سابق وزیراعظم راجا پرویز اشرف سے ملاقات کی۔ بعدازاں وزیراعظم سیدھے قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی کے پاس گئے اور ان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے اپوزیشن رہنماؤں اسد قیصر، بیرسٹر گوہر اور عامر ڈوگر سے بھی ملاقات کی۔ ملاقاتوں کے بعد وزیراعظم شہباز شریف اپنی نشست پر بیٹھ گئے

بقیہ 29

کے بعد جو بھی فیصلہ آئے گا اس پر عمل ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سپریم کورٹ نے جو ریلیف دیا وہ قانون کے مطابق نہیں ہے، میاں نواز شریف کو سروسز اسپتال منتقل کیا گیا تھا

بقیہ 30

نہیں اٹھا سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری میں بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے نمائندوں اور عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیمبر کے پیٹرن انچیف حاجی جمعہ خان، سید سلیم رضا ایڈووکیٹ، سینئر نائب صدر تاج محمد بڑیچ، قاری نعیم الرحمٰن، عطاء اللہ مینگل، مقبول الٰہی بھٹی، سید عبدالخالق آغا، فرزانہ کریم بلوچ، جاوید رحیم پراچہ، عبدالباقی کاکڑ، ڈاکٹر فرحت حسین، انور علی غسانی، سردار احمد، حمیرا منیر ایڈووکیٹ، فرزانہ خلجی ایڈووکیٹ، بیرسٹر جنگیس بلال سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ رحمت اللہ خان درانی نے کہا کہ ٹیکس ہر ملک میں دیا جاتا ہے کیونکہ ملک ٹیکس سے حاصل ہونے والی آمدن سے چلائے جاتے ہیں اور ٹیکس مختلف کیٹگری کے حساب سے وصول کئے جاتے ہیں فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وفاقی حکومت کی جانب سے ملک کے چھوٹے تاجروں کو ٹیکس کے حوالے سے سہولیات دینے کے لئے تاجر دوست ٹیکس اسکیم متعارف کرائی ہے جس سے چھوٹے تاجروں کو فائدہ ہونا چاہیے

بقیہ 01

نہیں اٹھا سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری میں بلوچستان ٹیکس بار ایسوی ایشن کے نمائندوں اور عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیمبر کے پیٹرن انچیف حاجی جمعہ خان، سید سلیم رضا ایڈووکیٹ، سینئر نائب صدر تاج محمد بزنجو، قاری نعیم الرحمن، عطاء اللہ مینگل، مقبول الٰہی بھٹی، سید عبدالخالق آغا، فرزانہ کریم بلوچ، جاوید رحیم پراچہ، عبدالباقی کاکڑ، ڈاکٹر فرحت حسین، انور علی غسانی، سردار احمد، حمیرا منیر ایڈووکیٹ، فرزانہ خلجی ایڈووکیٹ، بیرسٹر جنکس پلال سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ رحمت اللہ خان درانی نے کہا کہ ٹیکس ہر ملک میں دیا جاتا ہے کیونکہ ملک ٹیکس سے حاصل ہونے والی آمدن سے چلائے جاتے ہیں اور ٹیکس مختلف کیٹگری کے حساب سے وصول کئے جاتے ہیں فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وفاقی حکومت کی جانب سے ملک کے چھوٹے تاجروں کو ٹیکس کے حوالے سے سہولیات دینے کے لئے تاجر دوست ٹیکس اسکیم متعارف کرائی ہے جس سے چھوٹے تاجروں کو فائدہ ہونا چاہئے اس اسکیم میں سالانہ 20 کروڑ روپے سے کم آمدن والے تاجر مستفید ہو سکتے ہیں اس اسکیم سے مستفید ہونے کے لے انہیں کوئی اضافی اخراجات ملازم یا جدید ٹیکنالوجی نہیں اپنانا پڑے گی وہ سالانہ 25 ہزار فکس ٹیکس یا اپنی آمدن پر سالانہ 1 فیصد ٹیکس دیں۔ ہماری کوشش ہے کہ اس اسکیم سے زیادہ سے زیادہ چھوٹے تاجروں اور گھروں میں کام کرنے والی خواتین جو اپنا بزنس کررہی ہے انہیں سہولیات فراہم کریں انہوں نے بتایا کہ یہ اسکیم وفاقی حکومت نے پارلیمنٹ کے ذریعے قانون پاس کرکے تاجروں کی سہولت کے لئے بنائی ہے اس کو حکومت پارلیمنٹ کے ذریعے ہی ختم کرسکتی ہے اس اسکیم سے لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہئے اس کے لئے ایف بی آر کے ہمارے نمائندے لوگوں میں آگاہی فراہم کررہے ہیں جو چھوٹے تاجر اس اسکیم سے فائدہ اٹھائیں گے ان کی دکان پر گرین پلیٹ آویزاں کی جائے گی جس کو دیکھ کر انکم ٹیکس یا ایف بی آر کا کوئی بھی ملازم ٹیکس کے حوالے سے نہیں جاسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم سے جیولرز، ڈاکٹرز، چارٹر اکاؤنٹنٹ، سروس پرووائیڈر استفادہ حاصل نہیں کرسکتے یہ چھوٹے تاجروں کی سہولت کے لئے اسکیم متعارف کرائی گئی ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بزار کمیٹی کے تاجروں کیلئے ایف بی آر اقدامات اٹھا رہا ہے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اس وقت آرٹیفشل انٹیلی جنس کے ذریعے ٹیکس کے تمام امور کو جانچا جاتا ہے اور ایک نیا سیل قائم کیا گیا ہے جو لوگوں کے اکاؤنٹ اور ان کی آمدن اور اخراجات کا جائزہ لیتا ہے اور ٹیکس کی وصولی کے لئے اقدامات کرتا ہے اس موقع پر کوئٹہ چیمبر کے نمائندوں کی جانب سے مختلف سوالات کئے گئے جن کا انہوں نے تفصیل سے جواب دیا اور انہیں تاجر دوست ٹیکس اسکیم سے مستفید ہونے کے حوالے سے آگاہی دی۔ اس موقع پر بلوچستان ٹیکس بار ایسوی ایشن کے چیئرمین سید سلیم رضا ایڈووکیٹ اور کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے پیٹرن انچیف حاجی جمعہ خان نے انہیں شیلڈز دیں۔

بقیہ 02

ں کا مقامی آبادی کی فلاح و بہبود میں کردار انتہائی اہم ہے، سی ایس آر کے تحت علاقے میں بنیادی سہولیات اور عوامی فلاح کے کاموں کو سراہا اور کہا کہ اٹک سیمنٹ فیکٹری کی انتظامیہ نے اپنے سی ایس آر پروگرام کے تحت صحت، تعلیم اور کمیونٹی کی بہتری کیلئے اہم اور موثر اقدامات اٹھائے ہیں جو کہ فیکٹری منیجمنٹ کی لیبرز کی ویلفیئر اور علاقے میں معاشی سرگرمیوں کے حوالے سے حوصلہ افزا اقدامات ہیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے اس توقع کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی اٹک سیمنٹ فیکٹری انتظامیہ اسی طرح حب کے عوام کے فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اٹھاتے رہے گے۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے شجر کاری مہم کے تحت فیکٹری کے احاطے میں پودا بھی لگایا اور اس امید کا اظہار کیا کہ اٹک سیمنٹ انتظامیہ ماحولیاتی بہتری میں مزید کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 03

ت گیس کی عدم فراہمی قلات میں پرائیویٹ گیس پلانٹ کی تنصیب ٹیلیکوں کی بندش نادرا آفس کے کمیٹی اجلاس مہینے میں دو مرتبہ منعقد کرنے قلات بازار میں تجاوزات کا خاتمہ کوئٹگ میں پینے کے پانی کی قلت اور دیگر اہم مسائل کی نشاندہی کی گئی کھلی کچہری میں ایف سی میجر عمر ڈی ایس پی ماہیوال سمیت تمام محکموں کے سربراہان علاقہ معززین سیاسی سماجی رہنماؤں اور صحافی برادری نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں مولانا رحمدل علیمی شادی خان مینگل وڈیرہ رحیم مینگل عبدالوحید مینگل حاجی غلام قادر عمرانی غلام مصطفیٰ پردیسی نثار احمد محمد رضا اچکزئی اور دیگر کی جانب سے پیش کی گئی درخواستوں پر اسسٹنٹ کمشنر اسد سمالانی نے فوری ایکشن لیا اور لوگوں کے مسائل توجہ سے سنے انہیں فوری حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی سربراہی میں علاقے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لاکر بہتر سروس ڈیلیوری یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 04

مستوئی نے کی، جبکہ اس موقع پر ڈی ایم پی پی ایچ آئی زیارت ممتاز علی رند ڈرگ انسپکٹر تحصیل زیارت محمد عدیل، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ملیریا کنٹرول پروگرام آئی ایچ ایچ این جمعہ خان اور ملیریا سپروائزر غلام اللہ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر متعلقہ ٹیم نے ملیریا سے بچاؤ اور اس کے تدارک کی اہمیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسپرے مہم کو کامیاب بنانے، ملیریا کے پھیلاؤ کو روکنے اور مقامی آبادی کو اس بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ متعلقہ حکام نے کہا کہ ملیریا سے بچاؤ کے لیے عوامی آگاہی کے ساتھ ساتھ حفاظتی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے گا، تاکہ علاقے کے عوام کو صحت مند اور محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 05

کے علاقے چارسر میں نامعلوم افراد نے فٹبال گراؤنڈ کی عمارت کو بارودی مواد نصب کرکے دھماکے سے تباہ کردیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد نے چارسر کے فٹبال گراؤنڈ کی عمارت میں بارودی مواد نصب کیا، جس کے دھماکے سے عمارت کو نقصان پہنچا اور وہ تباہ ہوگئی۔ واقعے کے بعد پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کردیے، جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 06

ور لیاقت کو گرفتار کیا دونوں ملزمان ڈکیتی کے مقدمے میں کافی عرصے سے مفرور اور پولیس کو مطلوب تھے۔ خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے دونوں ملزمان کو گرفتار کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مفرور اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 07

ودیگر عملے کی حاضری، طلبہ کی حاضری، سکولوں کی فعالیت اور معیار تعلیم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے مختلف امور پر بھی غور کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز جمالی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اساتذہ اور دیگر عملے کی باقاعدہ حاضری یقینی بنانے کے ساتھ سکولوں کی موثر فعالیت، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں سرکاری تعلیمی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے اور طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 08

ل کیلئے بیڈز، آپریشن تھیٹر، ضروری طبی مشینری، ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر طبی عملے کی تعیناتی سمیت ہسپتال کو مکمل طبی سہولیات سے آراستہ کرنے کے امور زیر غور آئے اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ سنجاوی ہسپتال کی نئی عمارت کا تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے، لہٰذا اسے فوری طور پر فعال کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں جدید طبی مشینری، آپریشن تھیٹر، ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر ضروری طبی عملے کی تعیناتی یقینی بنائی جائے تاکہ سنجاوی اور گرد و نواح کے عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن نے بتایا کہ سنجاوی ہسپتال کی نئی تعمیر شدہ عمارت کو انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک (NHHI) کے حوالے کرنے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا ہے، تاکہ ہسپتال کو فعال بنانے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ان کے دستیاب وسائل سے استفادہ کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ہسپتال کو فعال کرنے کیلئے درکار طبی مشینری، ضروری سہولیات، ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف کی تعیناتی سمیت تمام امور کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ سنجاوی ہسپتال کی نئی عمارت کا جلد دورہ کیا جائے گا اور اس معاملے کو متعلقہ اعلیٰ حکام کے سامنے بھی رکھا جائے گا تاکہ ہسپتال کو جلد از جلد فعال کیا جاسکے حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ سنجاوی ہسپتال مکمل طور پر فعال ہونے سے علاقے کے عوام کو علاج معالجے کیلئے کوئٹہ یا دیگر شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی بنیادی اور معیاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، اور سنجاوی ہسپتال کو فعال کرنا اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔

بقیہ 09

لیس سول ہسپتال بیلہ ڈاکٹر عبدالحکیم موسدرہ، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر کامران یونس، ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر شاہینہ قاضی، ڈرگ انسپکٹر عبید محمد بلوچ، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر کامران یونس، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس شیخ عنایت اللہ، سپرنٹنڈنٹ ہیلتھ آفس حضور بخش کھوسہ، PPHI کے مانیٹرنگ آفیسر عمران ستار کھوسہ، اور اکاؤنٹنٹ پاپولیشن شاہد نذیر نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع لسبیلہ میں عوام کو صحت کی بنیادی اور ثانوی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں کی کارکردگی، اسٹاف کی حاضری اور درپیش چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محترمہ حمیرا بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی اور ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکس کی حاضری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں پی پی ایچ آئی اور سرکاری ہسپتالوں کے درمیان کوآرڈینیشن کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اسٹاف کی حاضری اور طبی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنائیں تاکہ دور دراز علاقوں کے لوگوں کو علاج معالجے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔

بقیہ 10

ے ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی خصوصی نگرانی میں ضلع کے تمام تھانوں کے پولیس افسران واہلکار اپنے اپنے علاقوں میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے متحرک ہیں پولیس افسران کی جانب سے مختلف علاقوں میں دن رات گشت کا سلسلہ جاری ہے جبکہ اہم شاہراہوں داخلی و خارجی راستوں اور دیگر مقامات پر بھی نگرانی کو موثر بنایا گیا ہے پولیس کی مسلسل موجودگی اور بروقت کارروائیوں کے باعث جرائم کے خاتمے کے ساتھ ساتھ منشیات کے مکمل تدارک پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے کے لیے پولیس اور سی آئی اے کی ٹیمیں متحرک ہیں جبکہ قانون شکن عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کا سلسلہ بھی جاری ہے ضلعی پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف معلومات اکٹھی کرنے مشکوک سرگرمیوں کی نگرانی اور پولیس کے مختلف تھانوں کے ساتھ رابطہ کاری کو موثر بنانے کے لیے اقدامات کررہی ہے پولیس افسران کا کہنا ہے کہ امن و امان کے قیام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی پولیس اہلکار مختلف علاقوں میں مسلسل ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے عوامی شکایات کے ازالے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہیں عوامی وسماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ لسبیلہ ایک پر امن اور روایتی قبائلی معاشرت رکھنے والا ضلع ہے جہاں امن و امان کا قیام ہمیشہ سے اولین ترجیح رہا ہے موجودہ پولیس قیادت کی جانب سے امن کے ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں پولیس افسران کا فیلڈ میں متحرک رہنا اور مختلف علاقوں میں گشت کرنا عوام کے لیے اطمینان کا باعث ہے شہری حلقوں نے ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی موثر نگرانی اور مسلسل گشت کے باعث ضلع میں امن و امان کی فضا قائم ہونے پر اظہار اطمینان کیا ہے عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ پولیس جرائم کے خاتمے منشیات کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی کارروائیاں مزید موثر بنائے گی لسبیلہ کے عوام نے پولیس قیادت سے مطالبہ کیا ہے کہ امن و امان کی موجودہ صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر منشیات فروشوں اور قانون شکن افراد کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ اسی تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے تاکہ ضلع لسبیلہ کے پرامن ماحول شہریوں کے تحفظ اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنایا جا سکے مجموعی طور پر ایس ایس پی نجیب اللہ پندرانی کی قیادت میں لسبیلہ پولیس کی موجودہ حکمت عملی کا بنیادی مقصد امن و امان کا تسلسل برقرار رکھنا جرائم کا سدباب منشیات کی روک تھام اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے جس کے لیے پولیس افسران و اہلکار دن رات اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ 11

کی ہدایات پر پولیس ٹیم نے کارروائی کے دوران غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں مطلوب مرکزی ملزم میر گل کو گرفتار کرلیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 12

من نہیں چھوڑا، انہوں نے کہا کہ میر حاصل بزنجو نیشنل پارٹی کے ان چند رہنماؤں میں شامل تھے جنہوں نے خواتین کو سیاست کے مرکزی دھارے میں لانے کے لیے عملی اقدامات کیے۔ انہی کی سوچ اور تربیت کا نتیجہ ہے کہ آج نیشنل پارٹی کی خواتین اسمبلیوں سے لے کر سڑکوں تک عوامی مسائل پر آواز بلند کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر حاصل خان نے نیشنل پارٹی کو ایک نظریاتی جماعت کے طور پر منظم کیا۔ ان کی قیادت میں پارٹی نے 18 ویں آئینی ترمیم، این ایف سی ایوارڈ اور صوبائی خودمختاری کے لیے بھرپور جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان جن معاشی، تعلیمی اور سیاسی چیلنجز سے گزر رہا ہے ان کے حل کے لیے میر حاصل خان بزنجو کے افکار اور ان کی رواداری والی سیاست کو اپنانا ہوگا۔ نفرت اور تقسیم کی سیاست کے مقابلے میں ان کا پیغام بھائی چارے اور اتحاد کا تھا۔

بقیہ 13

کو اغوا کرکے لے گئے تھے گزشتہ روز اس کی نعش برآمد ہوئی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 14

ہمیں ملکر بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے کام کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے مقامی ہوٹل میں پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور یو این ایف پی اے کے زیر اہتمام فیملی پلاننگ کی اشیاء کی مقدار بندی کو مضبوط بنانے اور کموڈیٹی ضرورت ٹول (سی آر) ٹریننگ ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سیکرٹری پاپولیشن ظفر علی بلیدی نے کہا کہ ملکی آبادی اور ترقی کے تناظر میں جامع اور موثر قومی حکمت عملی کی تشکیل کے لئے وفاقی حکومت کے زیر نگرانی قومی کونسل برائے آبادی قائم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کے لیے بہترین منصوبہ سازی کے لیے یہ اعلیٰ سطحی قومی فورم وفاقی اور صوبائی حکومتی پالیسی ہم آہنگی اور اداراجاتی روابط کو یقینی بنائیگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کونسل قومی آبادی پروگرام کے نفاذ کے لیے پالیسی رہنمائی کے ساتھ ساتھ قومی ترجیحات کے مطابق موثر عمل درآمد کے ضمن میں ضروری اور بروقت فیصلہ سازی بھی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کا قیمتی سرمایہ ثابت ہوسکتی ہے، بشرطیکہ انہیں معیاری تعلیم، فنی تربیت، جدید مہارتیں، بہتر طبی سہولیات اور باعزت روزگار فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی اصل طاقت صرف اس کی آبادی کی تعداد میں اضافہ نہیں بلکہ اس آبادی کی تعلیم، صحت، مہارت اور پیداواری صلاحیت میں مضمر ہوتی ہے اگر انسانی وسائل پر بروقت سرمایہ کاری کی جائے تو بڑھتی ہوئی آبادی معاشی ترقی کا محرک بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی ایک بہت بڑا چیلنج بن چکی ہے حکومت نے بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے محکمہ پاپولیشن، یو این ایف پی اے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملکر شادی شدہ جوڑوں کو فیملی پلاننگ سے متعلق شعور و آگاہی کی فراہمی کو یقینی بنانے کا تہیہ کررکھا ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پاپولیشن اور یو این ایف پی اے وقتاً فوقتاً اپنے ملازمین کی صلاحیتوں میں اضافے کیلئے ورکشاپ کا انعقاد کرتا ہے جس سے ملازمین کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پاپولیشن نے فیملی پلاننگ کرنے والے شادی شدہ جوڑوں کا مکمل ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کردیا ہے اور فیملی پلاننگ پر عملدرآمد کرنے والے جوڑوں کو فیملی پلاننگ سے متعلق سامان کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 15

ہو کر زبردستی اپنے ساتھ لے گئے۔ اہلخانہ کے مطابق امام حسن ایک سادہ طبیعت اور بے قصور شہری ہیں اور ان کا کسی شخص کے ساتھ کوئی ذاتی تنازع یا دشمنی نہیں تھی۔ ان کی اہلیہ نے حکام سے اپیل کی کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مغوی کی بحفاظت بازیابی یقینی بنائی جائے اور مبینہ اغوا میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اہلخانہ کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد پورا خاندان شدید خوف اور کرب میں مبتلا ہے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ امام حسن کی جلد بازیابی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں

بقیہ 16

سے نوشکی، دالبندین اور تفتان کے راستے آنے والی ایل پی جی سپلائی کو خصوصی سیکیورٹی خطرات لاحق ہیں۔ جون میں نوشکی کے قریب کوئٹہ۔ تفتان ہائی وے پر چھ ایل پی جی باؤزرز کو نذر آتش کیا گیا، جس سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز اور درآمد کنندگان کے مالی خطرات بڑھے بلکہ اس کا اضافی بوجھ بالآخر عام صارفین کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ چیئرمین محمد عبدالقادر نے کہا کہ ملک میں ایل پی جی کی سالانہ طلب تقریباً 20 لاکھ ٹن ہے، جس کا قریب 70 فیصد درآمد کیا جاتا ہے۔ بلوچستان کے زمینی راستوں میں خلل قومی سپلائی چین کو بھی متاثر کرتا ہے، خصوصاً ان علاقوں میں جہاں قدرتی گیس کی پائپ لائن دستیاب نہیں اور لاکھوں گھرانے ایل پی جی پر انحصار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی سپلائی پر مسلسل حملے سرمایہ کاری، تجارت اور روزگار کے لیے بھی نقصان دہ ہیں اور ان کے نتیجے میں ضروری اشیا کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ ان حملوں کے براہ راست اثرات بلوچستان کے عام شہری برداشت کر رہے ہیں۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے حکومت پر زور دیا کہ اہم سپلائی روٹس کی سیکیورٹی فوری طور پر مضبوط کی جائے، ایل پی جی ٹرانسپورٹ کے لیے مؤثر حفاظتی نظام وضع کیا جائے اور حملہ آوروں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی کی بلاتعطل فراہمی صرف معاشی ضرورت نہیں بلکہ عوامی ریلیف، کاروباری سرگرمیوں اور قومی استحکام کے لیے بھی ناگزیر

بقیہ 17

ہڑتال جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے متعدد ملازمین ریٹائرمنٹ کے پانچ سال گزرنے کے باوجود پنشن اور گریجویٹی جیسے جائز حقوق سے محروم ہیں، جبکہ حاضر سروس ملازمین کو بھی ہر ماہ کی تنخواہیں 20 تاریخ کے بعد ادا کی جاتی ہیں، جو باعث تشویش ہے۔ مقررین نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کا بنیادی کردار شہر کو صاف ستھرا رکھنا اور شہریوں کو بلدیاتی سہولیات فراہم کرنا ہے، تاہم ملازمین کے معاشی مسائل کے حل نہ ہونے کے باعث بلدیاتی امور بھی متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے صوبائی حکومت اور محکمہ بلدیات سے مطالبہ کیا کہ لورالائی سمیت پورے بلوچستان کی میونسپل کمیٹیوں کے ملازمین کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کرتے ہوئے پنشن، گریجویٹی اور تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان لیبر فیڈریشن کے نمائندوں نے خبردار کیا کہ اگر مطالبات پر فوری کارروائی نہ کی گئی تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور ملازمین اپنے حقوق کے حصول کے لیے مزید سخت اقدامات اٹھانے پر مجبور ہوں گے

بقیہ 18

سیکرٹری تعلیم اور ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام سے علاقے کے بچوں کو تعلیم کی سہولت میسر آئے گی اور ان کے روشن مستقبل کی راہ ہموار ہوگی۔ تاہم سکول میں تاحال ڈیسک، ٹاٹ اور دیگر بنیادی سہولیات دستیاب نہیں، جس کے باعث طلبہ زمین پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ اہل علاقہ نے حکومت اور محکمہ تعلیم سے مطالبہ کیا ہے کہ سکول میں فرنیچر سمیت تمام ضروری بنیادی سہولیات کی فراہمی فوری طور پر یقینی بنائی جائے تاکہ بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول میسر آسکے۔

بقیہ 19

افسران نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار بھی موجود تھے۔ ملاقات میں رکھنی تا بیکڑ زیر تعمیر اہم شاہراہ سمیت جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران رکھنی تا بیکڑ روڈ منصوبے پر جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت، مختلف حصوں میں کام کی صورتحال، تعمیراتی معیار، دستیاب مشینری و افرادی قوت اور منصوبے کی بروقت تکمیل سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ حکام نے کمشنر کو منصوبے پر جاری کام اور پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر زیڈ کے بی کمپنی کے اونر حاجی محبت خان نے کمشنر کو یقین دلایا کہ رکھنی تا بیکڑ روڈ منصوبے کو آئندہ ڈھائی ماہ کے اندر مکمل کرنے کے لیے تعمیراتی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی

بقیہ 20

ہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے انہیں کامیابی سے نشانہ بنایا۔ آپریشن کے دوران جدید ٹیکنالوجی اور ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کارروائی کے بعد ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں جدید اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا، جبکہ 3 گاڑیاں، 2 موٹر سائیکلیں، ایک آئی ای ڈی ڈیوائس اور کالعدم تنظیم کا جھنڈا بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشتگرد مقامی افراد سے مبینہ لوٹ مار، بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان اور ٹارگٹ کلنگ سمیت دہشتگردی کی مختلف کارروائیوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے اور خودکش حملوں کی تیاری بھی کر رہے تھے۔ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان سے دہشتگردی کے خاتمے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 21

نے ضلع گوادر میں سماجی و ترقیاتی شعبوں میں کام کرنے والی تمام بین الاقوامی تنظیموں (IGOs) سے ان کی تنظیمی حیثیت، سرگرمیوں، جاری و مجوزہ منصوبوں، کارکردگی، عملے اور متعلقہ اجازت ناموں کی مکمل تفصیلات طلب کرلی ہیں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر کی دفتر سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ضلع میں مختلف شعبوں میں خدمات انجام دینے والی بین الاقوامی تنظیمیں اپنی سرگرمیوں اور منصوبوں سے متعلق مکمل، مستند اور تازہ ترین معلومات محکمہ سماجی بہبود کو فراہم کریں، تاکہ ضلع میں جاری سماجی و ترقیاتی اقدامات کا جامع ریکارڈ مرتب کرنے، اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری اور حکومتی پالیسی و ضابطہ کار کے مطابق سرگرمیوں کو منظم بنانے میں مدد مل سکے اعلامیہ کے مطابق تمام متعلقہ تنظیمیں اپنے ادارے کا نام، قانونی و تنظیمی حیثیت، مکمل کوائف، ضلع گوادر میں جاری سرگرمیوں اور خدمات کی نوعیت و دائرہ کار، مستفید ہونے والے افراد و علاقوں کی تفصیلات، جاری و مکمل شدہ منصوبوں، مجوزہ پروگرامز، منصوبوں کی پیش رفت اور کارکردگی سے متعلق معلومات، مجاز حکام کی جانب سے جاری کردہ موثر این او سیز (NOCs)، اجازت ناموں اور دیگر متعلقہ دستاویزات جمع کرانے کی پابند ہوں گی اس کے علاوہ تنظیموں کے فوکل پرسن، نمائندے کے رابطہ کوائف، ضلع گوادر میں تعینات ملازمین و عملے کی تفصیلات، متعلقہ شعبوں اور شراکت دار اداروں کی معلومات سمیت دیگر ضروری ریکارڈ بھی محکمہ سماجی بہبود گوادر کو فراہم کرنا ہوگا محکمہ سماجی بہبود کے مطابق اس اقدام کا مقصد ضلع گوادر میں سماجی و ترقیاتی سرگرمیوں کو منظم، مربوط، شفاف اور حکومتی پالیسی کے مطابق آگے بڑھانا، مختلف اداروں کی خدمات اور کارکردگی کا موثر ریکارڈ برقرار رکھنا، ضروری شعبوں میں ترجیحات کا تعین کرنا اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات میں ادارہ جاتی تعاون کو مزید بہتر بنانا ہے جاری کردہ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ مطلوبہ تمام معلومات اور متعلقہ دستاویزات نوٹس کے اجرا کی تاریخ سے سات روز کے اندر محکمہ سماجی بہبود گوادر میں جمع کرانا ضروری ہے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر نے تمام متعلقہ تنظیموں سے اپیل کی ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر مطلوبہ ریکارڈ فراہم کرتے ہوئے حکومتی ضابطہ کار، متعلقہ قوانین اور انتظامی ہدایات کی مکمل پاسداری یقینی بنائیں۔ مقررہ مدت میں معلومات و دستاویزات فراہم نہ کرنے یا متعلقہ احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے کی صورت میں قابل اطلاق قوانین وضوابط کے تحت ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ محکمہ سماجی بہبود نے اس اقدام کو ضلع گوادر میں سماجی شعبے کی موثر نگرانی، ادارہ جاتی ہم آہنگی، شفافیت، جوابدہی اور عوامی مفاد میں جاری ترقیاتی وفلاحی سرگرمیوں کو مزید موثر بنانا ہے۔

بقیہ 22

لوتھڑا گھولنے والی دوا (Thrombolysis) مخصوص مریضوں کو علامات شروع ہونے کے ابتدائی ساڑھے چار گھنٹے کے اندر دی جائے تو معذوری کے امکانات کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس کے لیے فوری تشخیص، برین اسکین اور ماہر طبی عملہ ضروری ہے بلوچستان میں ہونے والی ایک طبی تحقیق بھی اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ فالج کے بہت کم مریض بروقت ہسپتال پہنچ پاتے ہیں، جس کے باعث وہ اس اہم علاج کی ونڈو سے محروم ہو جاتے ہیں اسی تناظر میں خضدار کے عوام وفاقی اور صوبائی حکومت، محکمہ صحت، منتخب عوامی نمائندگان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال خضدار میں فالج کے مریضوں کے لیے جدید اور فوری طبی سہولیات فراہم کی جائیں، جن میں ضروری ادویات، برین اسکین، تربیت یافتہ ڈاکٹرز اور مناسب ایمرجنسی اسٹروک سروس شامل ہو۔ اگر کسی مستحق مریض کے لیے مہنگی دوا خریدنا ممکن نہ ہو تو حکومت کی جانب سے اس علاج کو مفت یا انتہائی کم لاگت میں فراہم کرنے کا موثر نظام بنایا جائے، تاکہ صرف مالی مشکلات کی وجہ سے کوئی شہری بروقت علاج سے محروم نہ رہے۔ خضدار کے عوام کا سوال ہے: جب جدید فالج کا علاج ملک کے دیگر علاقوں میں سرکاری سطح پر فراہم کیا جاسکتا ہے تو خضدار کے شہری اس بنیادی طبی سہولت سے کیوں محروم رہیں ہم عوامی نمائندگان سے اپیل کرتے ہیں کہ اس مسئلے کو اسمبلی اور متعلقہ حکام کے سامنے اٹھایا جائے اور خضدار میں باقاعدہ اسٹروک یونٹ / فالج ایمرجنسی سروس کے قیام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ کیونکہ فالج میں وقت ہی زندگی ہے۔۔۔ چند گھنٹوں کی بروقت طبی امداد کسی انسان کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ خضدار کے سیاسی سماجی وقبائلی لوگوں نے محکمہ صحت حکومت بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ اس اہم اور ضروری مسئلے پر فوری توجہ دی جائے۔

بقیہ 23

گ کا سلسلہ ایک مرتبہ پھر زور پکڑ گیا ہے، جس کے باعث علاقے کے قدرتی حسن، ماحول اور شہریوں کی صحت کو سنگین خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پہاڑوں کو توڑنے اور پتھر نکالنے کا کام مبینہ طور پر طویل عرصے سے جاری ہے، مگر اس کے خلاف موثر کارروائی اور نگرانی کا فقدان نظر آتا ہے۔ مقامی آبادی کے مطابق اختر آباد سے ہزار گنجی تک مختلف مقامات پر پہاڑوں کی کٹائی کے ساتھ ساتھ پتھروں کی کرشنگ بھی کی جارہی ہے

بقیہ 24

نونی قبضوں سے متعلق امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اصل پلاٹ مالکان کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے اور تمام معاملات کو قانون، ضابطے اور دستیاب ریکارڈ کی روشنی میں شفاف انداز میں حل کیا جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں موجود تمام ناجائز تجاوزات اور غیر قانونی قبضوں کا خاتمہ کرتے ہوئے قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد پلاٹ ان کے اصل اور حقدار مالکان کے حوالے کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے کے ذریعے کارروائی کو موثر اور تیز بنانے کی ہدایت بھی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ سرکاری و نجی اراضی پر غیر قانونی قبضہ اور تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی، جبکہ شہریوں کے جائز حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شکایات کے ازالے میں شفافیت، میرٹ اور قانونی تقاضوں کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ اجلاس میں پی ڈی نیو ٹاؤن (اے ڈی سی جنرل) ڈاکٹر عبدالشکور، اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت، نائب تحصیلدار اور تخریب حفیظ، نائب تحصیلدار مومن نظر، نائب تحصیلدار مطیع اللہ، نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم کے نمائندے دودا بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ، ان کے قانونی حقوق کا تحفظ اور سرکاری و نجی اراضی پر غیر قانونی قبضوں کا خاتمہ یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 25

مالیت کی آئس قبضے میں لے لیں۔ کسٹم کی جانب سے بلوچستان بھر میں سمگلنگ کی روک تھام کیلئے موثر کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 26

میں تقرریاں ایس او ای پالیسی 2023 کے مطابق کی گئیں۔

بقیہ 27

پروگرام منعقد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خاص احمد میاں گاجانی تھے میلادالنبی ﷺ کی اس روح پرور محفل میں طلبہ نے نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں گلہائے عقیدت پیش کیے۔ اس موقع پر مہمان خاص احمد میاں، ہیڈ ماسٹر محمد یاسین کنرانی اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی آمد وجہ تخلیق کائنات ہے۔ آپ ﷺ دونوں جہانوں کے لیے "رحمت اللعالمین" بن کر تشریف لائے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم اسوہ رسول ﷺ کی پیروی کریں، کیونکہ اسوہ رسول پر عمل پیرا ہونے سے ہی دنیاوی و اخروی بھلائیاں حاصل ہوتی ہیں۔ ہمیں حضور پاک ﷺ کی سیرت طیبہ کو اپنانے کے ساتھ ساتھ میلادالنبی ﷺ کو بھرپور طریقے سے منانا چاہیے۔ تقریب کے آخر میں ملک وقوم کی سلامتی اور امن کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 28

منعقدہ سالانہ رزلٹ اور تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس باوقار اور پروقار تقریب میں تعلیمی شعبے سے وابستہ نامور اساتذہ، جن میں ماسٹر اللہ بخش بلوچ اور ماسٹر امان اللہ شاہوانی، محمد رمضان شاتی بلوچ، نکری آغا زرویی، طلبا کے والدین اور علاقے کے معتبرین وعمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی غلام نبی مری نے تعلیم کی اہمیت پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو کم عمر اور معصوم بچے آج ہمارے سامنے ان بینچوں پر بیٹھے ہیں، کل یہی بچے ملک وقوم کی باگ ڈور سنبھالیں گے اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں بلوچستان کا نام روشن کریں گے۔ انہوں نے والدین اور اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں کو صرف کتابی علم تک محدود نہ رکھیں بلکہ ان کی اخلاقی اور نظریاتی تربیت پر بھی یکساں توجہ دیں تاکہ وہ ایک ذمہ دار شہری بن کر ابھریں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بی این پی ہمیشہ سے صوبے کے پسماندہ علاقوں میں تعلیمی ڈھانچے کی بہتری اور غریب بچوں کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کی حامی رہی ہے۔ اس موقع پر ماسٹر اللہ بخش بلوچ اور ماسٹر امان اللہ شاہوانی نے بھی خطاب کیا اور سکول کی ششماہی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے محدود وسائل کے باوجود بچوں کو بہترین تعلیم دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی غلام نبی مری اور دیگر معززین نے ششماہی امتحانات میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے ہونہار طالب علموں میں رزلٹ کارڈز، چمکتی ہوئی ٹرافیاں، تعلیمی بیجز اور دیگر خصوصی انعامات تقسیم کیے۔ انعامات حاصل کرنے پر بچوں کے چہروں پر خوشی دیدنی تھی، جبکہ والدین اور معتبرین علاقہ نے سکول انتظامیہ کی اس شاندار کاوش کو خوب سراہا اور مہمان خصوصی کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 29

کرائی اور منتظمین کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دینی و اصلاحی سرگرمیاں معاشرے میں اخوت، بھائی چارے، امن اور خیر کے فروغ کا ذریعہ بنتی ہیں، انتظامیہ اجتماع کے کامیاب اور پرامن انعقاد کے لیے منتظمین کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔

بقیہ 30

زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ ڈیرہ بگٹی انسپکٹر نور علی بگٹی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کی پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں عبدالخالق ولد خیر محمد، حاصل ولد بڈا عرف وقار احمد، شبیرا ولد میران، دائم ولد وقار احمد عرف پہلوان، توفیق احمد ولد میران اور وقار احمد عرف پہلوان ولد میران شامل ہیں۔ تمام گرفتار ملزمان کا تعلق قوم کرمانزئی راہیجہ بگٹی سے ہے اور وہ مقدمہ نمبر 15/2026 بجرم دفعات 302، 147، 148 اور 149 تعزیرات پاکستان میں مطلوب تھے۔ پولیس نے ملزمان کو حسب ضابطہ گرفتار کرلیا ہے جبکہ واقعے سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 31

زبانی طور پر ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ افسران کو آگاہ کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے تعلیم، امن و امان، اریگیشن کے مسائل، آبنوشی، بجلی، ریونیو، سڑکوں، صفائی، نکاسی آب دیگر بنیادی نوعیت کے مسائل پیش کیے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے سائلین کی شکایات اور مسائل کو نہایت توجہ اور تحمل سے سنا اور کئی شکایات پر موقع پر ہی متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے جبکہ دیگر مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران کو واضح ہدایات جاری کی گئیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور شہریوں کو ان کے مسائل کے حل کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت دستیاب ہے اور کسی بھی شہری کو اپنے جائز مسئلے کے حل کے لیے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو محض کاغذی کارروائی تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور سائلین کو بروقت ریلیف فراہم کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی واضح پالیسی ہے کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو عوامی خدمت کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے انہوں نے سائلین کو یقین دہانی کرائی کہ کھلی کچہری میں پیش کیے گئے تمام جائز مسائل کا متعلقہ محکموں کے ذریعے ازالہ کیا جائے گا اور ان پر پیش رفت کی نگرانی بھی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اور عوام کے درمیان رابطے کے لیے کھلی کچہریاں انتہائی اہم ہیں، کیونکہ اس فورم کے ذریعے نہ صرف عوام کی شکایات براہ راست سامنے آتی ہیں بلکہ متعلقہ افسران کو بھی موقع پر مسائل کی نوعیت اور شدت کا اندازہ ہوتا ہے ڈپٹی کمشنر نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے جائز مسائل انتظامیہ کے سامنے پیش کریں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں تاکہ دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے زیادہ سے زیادہ عوامی مسائل حل کیے جاسکیں۔ کھلی کچہری کے اختتام پر سائلین نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مسائل سننے اور متعدد شکایات پر فوری احکامات جاری کرنے کے اقدام کو سراہا۔

بقیہ 32

لوکل گورنمنٹ کے ریسٹ ہاؤس میں توڑ پھوڑ کے بعد قیمتی سامان اٹھا لیا اور عمارت کو آگ لگا دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ تھانہ چاکی کی حدود میں پیش آیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی اور مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ واقعے میں ہونے والے نقصان اور دیگر تفصیلات سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 33

گیس کمپنی کے نخروں اور ڈراموں سے عوام تنگ آ چکے ہیں۔ امن وامان کی صورتحال ناقص ہے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے سامنے پولیس بے بس ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدید گرمی کے باوجود بجلی کی بار بار بندش سے گھریلو صارفین، طلبہ، تاجر، صنعت کار اور کاروباری طبقہ شدید متاثر ہورہا ہے جبکہ گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو گھریلو ضروریات پوری کرنے میں بھی دشواری کا سامنا ہے، انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں مگر متعلقہ ادارے عوامی مشکلات کا ازالہ کرنے کے بجائے طفل تسلیوں، وعدوں اور عذر تراشیوں سے کام لے رہے ہیں، بجلی اور گیس کی فراہمی کسی حکومت یا ادارے کا احسان نہیں بلکہ عوام کا بنیادی حق ہے، حکومت اور متعلقہ محکموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو بلاتعطل بنیادی سہولیات فراہم کریں، رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ میں بدامنی، چوری ڈکیتی، منشیات فروشی، ٹریفک کے مسائل، تجاوزات اور دیگر جرائم میں اضافے نے پہلے ہی شہریوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے جبکہ انتظامیہ کی کمزور گرفت اور حکومتی رٹ کے فقدان کے باعث جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ریاستی اداروں اور انتظامیہ کو اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ 34

تھی کہ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ٹرک ڈرائیور جاں بحق جبکہ زمیاد گاڑی کا ڈرائیور زخمی ہوگیا۔ نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا بتایا جاتا ہے مسلح افراد ایک نوجوان کو اپنے ہمراہ لے گئے ہیں۔

بقیہ 35

پوریشن کوئٹہ (MCQ)، پی ڈی ایم اے، کیسکو، سوئی گیس، پولیس، ایف سی، محکمہ صحت (DHO) اور دیگر متعلقہ اداروں نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے ہدایت کی کہ مجالس اور جلوسوں کے تمام روٹس پر صفائی کے خصوصی انتظامات یقینی بنائے جائیں، تمام مجالس کے مقامات پر بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں جبکہ شہر اور اہم شاہراہوں پر لائٹس کی تنصیب ومرمت مکمل کی جائے۔ انہوں نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ 12 ربیع الاول کے تمام پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ ٹریفک مینجمنٹ، ایمرجنسی رسپانس، طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کو بھی مربوط بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے موقع پر امن وامان، صفائی، سیکیورٹی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔

بقیہ 36

مبینہ مسلح گروہوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق موثر کارروائی اور ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بلاامتیاز آپریشن تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے لیویز فورس سے پولیس میں انضمام کے دوران غیر حاضر رہنے والے اور بعد ازاں برطرف اہلکاروں کے معاملات کا قانون وضابطے کے مطابق جائزہ لینے پر تبادلہ خیال کیا جبکہ رکن صوبائی اسمبلی نے واپڈا حکام سے ملاقات میں ضلع گوادر کے مختلف علاقوں میں خستہ حال بجلی کی تاروں کی تبدیلی، نئے ٹرانسفارمرز کی فراہمی و تنصیب اور بجلی کے مسائل کے فوری حل پر زور دیا گیا۔ بعد ازاں رکن اسمبلی نے گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول گوادر کے دورے پر اسکول کے مختلف کلاس رومز اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اسکول گراؤنڈ کی بہتری کے مطالبے پر انہوں نے کام جلد شروع کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ امن و امان، تعلیم، بجلی اور عوامی سہولیات کی بہتری ان کی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ موثر رابطہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 37

پوزیشن میں شامل کیا جائے گا؟ اس پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہے، ہم اپوزیشن کی بات کررہے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر ''آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) کے انعقاد پر بھی بات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا اپوزیشن جماعتیں سڑکوں پر بھی ایک دوسرے کا ساتھ دیں گی یا صرف پارلیمنٹ میں متحد رہیں گی؟ مولانا فضل الرحمان نے صحافی کے سوال کا دلچسپ انداز میں جواب دیتے ہوئے کہا ہم سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں، آپ سورۃ الناس پر پہنچ جاتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے واضح کیا کہ متحدہ اپوزیشن کے قیام کے حوالے سے یہ ابتدائی نشست تھی اور آئندہ مشاورت کے بعد مزید فیصلے کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق جے یو آئی (ف) اور اپوزیشن اتحاد کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات میں متحدہ اپوزیشن کے قیام پر اتفاق کے ساتھ اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس بھی کل بلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں اپوزیشن جماعتوں کے درمیان آئندہ کی مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا جائے گا اور پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن کے کردار کو مزید موثر بنانے کے حوالے سے مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں بانی چیئرمین کی صحت کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ اس معاملے پر اپوزیشن جماعتوں کے موقف اور آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اتحاد کی جانب سے مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کی جائے گی، جس میں سیاسی صورتحال اور مشترکہ حکمت عملی سمیت مختلف امور پر مزید تبادلہ خیال متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن جماعتوں کے درمیان یہ ابتدائی سطح کی اہم نشست تھی، جس کے بعد مزید مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ آئندہ اجلاسوں میں متحدہ اپوزیشن کے دائرہ کار، مشترکہ سیاسی حکمت عملی اور پارلیمانی کردار سے متعلق امور کو حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 38

6، کے حوالے سے اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان آج دنیا کے ساتھ ہم آواز ہو کر دہشت گردی کے متاثرین کی یاد میں مختص دن پر تمام متاثرین سے پُرخلوص اظہار یکجہتی اور خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دہشت گردی بنی نوع انسان کو درپیش سب سے سنگین مسائل میں سے ایک ہے۔ انسانیت سے عاری عناصر ہی اپنے مذموم مقاصد کے لیے معصوم انسانوں کی جانوں سے کھیل سکتے ہیں۔ دہشت گردی کے متاثرین میں جاں بحق افراد کے لواحقین اور عمر بھر کے لیے زخمی ہونے والے افراد بھی خصوصی ہمدردی کے مستحق ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے متاثرین میں شامل ہے۔ ہماری بہادر افواج نے اس ناسور کے خلاف جنگ میں قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بہادر افسران و اہلکاروں اور معصوم شہریوں نے بھی اپنی جانیں قربان کی ہیں۔ انہوں نے دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے تمام شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سلام پیش کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانی صرف قیمتی جانوں تک محدود نہیں بلکہ ملک نے اس کی بھاری معاشی اور سماجی قیمت بھی ادا کی ہے۔ دہشت گردی نے شہریوں کی معاشی آسودگی اور ملکی ترقی و خوشحالی کے سفر کو متاثر کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اپنے بھرپور قومی عزم کے ساتھ پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ دنیا کی کوئی قوم، تہذیب، مذہب یا عقیدہ دہشت گردی کی ترغیب نہیں دیتا۔ دہشت گردی کی کارروائیاں بیمار ذہن اور غیر انسانی نظریے کی عکاسی کرتی ہیں۔ عالمی برادری کی جانب سے دہشت گردی کی بلاامتیاز مذمت اور اس کے مکمل خاتمے کے لیے موثر باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے متاثرین کی جسمانی، نفسیاتی اور سماجی بحالی بھی مشترکہ عالمی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ حکومت پاکستان نے محدود وسائل کے باوجود دہشت گردی کے متاثرین اور اس کے خلاف نبرد آزما قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی فلاح و بہبود اور ضروریات کو ہمیشہ ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سرکاری سطح پر شہداء، ان کے لواحقین اور دہشت گردی کے متاثرین کے لیے ایک مربوط معاونتی نظام موجود ہے۔ تمام متاثرین کو علاج، بحالی اور شہری سہولیات تک فوری اور آسان رسائی فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعظم نے عالمی، قومی، اجتماعی اور انفرادی سطح پر تمام متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ مثبت انسانی اقدار اور بین الاقوامی قوانین کی بالادستی کو عملی طور پر تسلیم کرتے ہوئے دہشت گردی، تخریب کاری اور منفی رجحانات کے خلاف اپنی آواز بلند کریں۔

بقیہ 39

کا انتخابی اجلاس کوئٹہ میں زیر نگرانی مرکزی کنوینر مولانا مفتی شفیع الدین صاحب منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملک کے چاروں صوبوں بشمول وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے مرکزی مجلس شوریٰ کے معزز اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں معزز اراکین مرکزی مجلس شوریٰ نے اکثریت رائے سے مولانا عبدالقادر لونی کو آئندہ پانچ سال کیلئے مرکزی امیر اور مجلس شوریٰ نے اکثریت رائے سے مولانا محمود الحسن قاسمی کو مرکزی جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا اجلاس سے جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے نومنتخب مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی کنوینر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمٰن تکیال صوبائی کنوینر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ کنوینر کراچی ڈویژن مولانا عبدالستار مدنی صوبائی کنوینر مولانا قمر الدین کلاچی صوبائی کنوینر پنجاب مولانا قاری محمد اکمل مولانا عبدالوہاب ڈھیر مولانا ثناء اللہ فاروقی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت کی ذمہ داری درحقیقت ایک عظیم امانت اور ذمہ داری سپرد کیا گیا اس عظیم امانت کا حق ادا کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ سے استقامت کی دعا ہے۔ ورکرز اور ذمہ داران اب پورے عزم، ولولے کے ساتھ میدان میں نکل کر اتحاد، محنت اور مسلسل جدوجہد سے اکابرین کی ارمانوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائے انتظامی ڈھانچہ کسی بھی تنظیم کی ریڑھ کی ہڈی ہوتا ہے۔ جماعت کی نظم میں ایک رکن کا فعال کردار صرف احکامات کی تعمیل تک محدود نہیں ہوتا، بلکہ یہ ذمے داری، پاسداری کا مجموعہ ہوتا ہے۔ جماعت میں ماتحت یونٹ سے لیکر مرکز تک ہر شعبے میں اپنا فعال اور موثر کردار ادا کرے اور اپنے عظیم اہداف کی حصول پر نظر رکھے۔ جب جماعت کا ہر رکن نظم اور خود احتسابی کے ساتھ فعالیت کا مظاہرہ کرے تو تنظیم میں ایک نئی روح اور تحرک پیدا ہوتا ہے۔ جماعت میں اعتماد، محبت اور اخوت کے ماحول کو مضبوط سے مضبوط تر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کا منشور اور مقصد آئینی، سیاسی اور دینی لحاظ سے پاکستان میں مکمل اسلامی نظام کے نفاذ اور ملک کی سیاست میں اسلامی ونظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کے لیے جمعیت علما اسلام نظریاتی ملک میں سیاسی جدوجہد کررہے ہیں جمعیت نظریاتی کی مقاصد ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ اور مظلوم کی حمایت اور ظالم سے بغاوت ہے روز اول سے اسلامی اساس پر اپنا فکری اور سیاسی اور نظریاتی کام کررہی ہے۔ قرآن وسنت کی بالادستی اور اسلامی قوانین کا نفاذ۔ معاشی عدل: سود اور طبقاتی استحصال کا خاتمہ، اور عادلانہ معاشی نظام۔ جمہوری اقدار: شورائی نظام اور عوامی حقوق کا تحفظ ۔ مظلوم اور عوام کی حمایت حقوق مزدور و کسان، محنت کشوں کو ان کی محنت کا پورا صلہ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی۔ استحصال، ظالم اور سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف۔ عالمی سطح پر مسلم امہ آزادی اور خودمختاری جمعیت نظریاتی کا منشور کا حصہ ہے انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام انسانیت کی اجتماعیت کی اساس ہے۔ جہاں قرآن وسنت کی بالادستی ہو اور قرآن وسنت کا قانون ہی نافذ العمل ہو تو عدل وانصاف کا بول بالا ہوگا انہوں نے کہا 75 سال سے قوم کو بے رحم کرپٹ اور لادینیت نظام کے سپرد کر دیا گیا ہے جس سے قوم وملک معاشی تباہی اور بحرانوں کا سامنا کررہی ہے۔ جو ملکی ترقی وخوشحالی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام نظریاتی کا سیاست میں حصہ لینا ان کے ملی ودینی فریضہ کے ساتھ ساتھ ان کے اپنے اسلاف واکابر کی شاندار روایات کا اہم حصہ اور ان کا ورثہ بھی ہے اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام لانے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ اور ہمیشہ مظلوموں کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی اور جماعتی اصولوں پر بھی سمجھوتہ نہیں کیا انہوں نے کہا کہ موروثیت اور جاگیردارانہ سیاست سے ملک وقوم مسائل سے دوچار ہے موروثی سیاستدان قوم کو فکر اور سیاسی شعور دینے کی بجائے غلامانہ سوچ کو پروان چڑھا کر موروثی سیاست کو فروغ دے رہی ہے ملک کا سیاسی نظام موروثیت کی گرہ سے بندھنے کی وجہ سے سیاسی اور معاشی بحرانوں سے دوچار ہے جاگیردار اور سرمایہ دار نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر عوام کا استحصال کیا گیا انہوں نے کہا کہ اکابرین کیجماعت اس وقت تک اپنے منزل واہداف تک نہیں پہنچ سکتی ہے جب تک موروثیت سیاست کا جنازہ نہ نکالے۔ قوم موروثی سیاست کی خاتمے کے لیے جمعیت علما اسلام نظریاتی کا دست وبازو بنے

بقیہ 40

دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن سخت احتجاج پر مجبور ہوگی، آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن صوبے بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے جو ٹھیکیداروں کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنائے گی اور کسی بھی غیر قانونی عمل کے خلاف اپنی بھرپور اور موثر آواز اٹھائے گی اور کسی کو یہ اجازت نہیں دے گی کہ وہ ٹھیکیدار برادری کے خلاف ذاتیات کرے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان نے 30 جنوری 2026، کو مکمل ہونے والے ایک منصوبے کیلئے 1 کروڑ 32 لاکھ روپے کی رقم ریلیز کی جس کی ادائیگی کیلئے متعلقہ ٹھیکیدار سے رشوت طلب کی گئی جو نہ دینے پر ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل نے 30 جون کو فنڈ ز لیپس کردیے گئے جس کی آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں افسوس ہے کہ ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل کے خلاف ان سنگین الزامات کے باوجود سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے کوئی بھی ابھی تک نہ تو کوئی محکمانہ انکوائری عمل میں لائی ہے اور نہ ہی انکے خلاف کوئی کارروائی کی گئی ہے اب ہم باقاعدہ طور پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر کو اپنی شکایت اور تمام متعلقہ حقائق سے آگاہ کریں گے اور امید رکھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان اس معاملے میں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائیں گے اور ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور متعلقہ ٹھیکیدار کو فوری طور پر 1 کروڑ 32 لاکھ روپے کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن واضح کرنا چاہتی ہے کہ اگر ہماری شکایات کے ازالے کے لئے فوری طور پر اقدامات نہیں اٹھائے گئے تو ایسوی ایشن ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل کے خلاف قانونی کارروائی کریگی۔ ترجمان نے کہا کہ ہمارا مقصد کسی فرد کو بلا ثبوت بدنام کرنا نہیں بلکہ الزامات کی شفاف، غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اور اینٹی کرپشن سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ رشوت نہ دینے پر فنڈز لیپس کرنے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائیں اور غفلت کے مرتکب افسران اور عملے کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 41

رکر کے ان کے قبضے سے ایک کروڑ 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 91.562 کلوگرام منشیات برآمد کرلی تفصیلات کے مطابق اے این ایف کے عملے نے بلوچستان کے علاقے خانوزئی پشین کے قریب ٹرک سے 72 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا اس کے علاوہ اسلام آباد ایئرپورٹ سے جدہ جانے والے مسافر کے بیگ سے 362 گرام آئس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پشاور کے علاقے سے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 10.8 کلو افیون برآمد کرلی لاہور کے علاقے میں 3 ملزمان سے 5.4 کلو ہیروئن برآمد کرلی۔ جامشورو میں دو ملزمان سے 1.3 کلو آئس جبکہ اسلام آباد میں ملزم سے 1.2 کلو چرس اور سکھر سے ملزم کے قبضے سے 500 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمہ درج کرکے تحقیقات شروع کردی۔

بقیہ 42

رکر کے ان کے قبضے سے ایک کروڑ 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 91.562 کلوگرام منشیات برآمد کرلی تفصیلات کے مطابق اے این ایف کے عملے نے بلوچستان کے علاقے خانوزئی پشین کے قریب ٹرک سے 72 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا اس کے علاوہ اسلام آباد ایئرپورٹ سے جدہ جانے والے مسافر کے بیگ سے 362 گرام آئس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پشاور کے علاقے سے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 10.8 کلو افیون برآمد کرلی لاہور کے علاقے میں 3 ملزمان سے 5.4 کلو ہیروئن برآمد کرلی۔

رکن اسمبلی نے گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول گوادر کے دورے پر اسکول کے مختلف کلاس رومز اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

امن وامان، تعلیم، بجلی اور عوامی سہولیات کی بہتری ترجیحات میں شامل ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

رکن صوبائی اسمبلی نے ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمن سے ملاقات میں امن وامان، منشیات کے خاتمے اور عوامی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمن سے ملاقات میں امن وامان، منشیات کے خاتمے اور عوامی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ واپڈا حکام سے بجلی کے مسائل کے فوری حل اور ماڈل ہائی اسکول کے دورے کے دوران تعلیمی سہولیات کی بہتری پر زور دیا ایس ایس پی گوادر سے ملاقات میں مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے پشکان میں (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت اجلاس

شہر اور اہم شاہراہوں پر لائٹس کی تنصیب و مرمت مکمل کی جائے

کوئٹہ (خ ن) 12 ربیع الاول کے سلسلے میں تیاریوں، سیکیورٹی انتظامات اور دیگر ضروری امور کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) منیر احمد درانی سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران، جماعت اہلسنت کے عہدیداران، علمائے کرام اور دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں 12 ربیع الاول کے جلوس و مجالس کے روٹس، صفائی ستھرائی، سیکیورٹی، بجلی کی فراہمی اور شہر میں روشنی کے انتظامات سمیت دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں صفا کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپ(باقی صفحہ 3 نمبر 35)

بلیدہ، ایف سی کو راشن دیکر واپس آنے والی گاڑیوں پر فائرنگ سے ڈرائیور جاں بحق 1 شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) بلیدہ کے علاقے میں ایف سی کو راشن دیکر واپس آنے والی گاڑیوں پر فائرنگ سے ڈرائیور جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے کیچ کی تحصیل بلیدہ میں گاڑیاں ایف سی ہیڈکوارٹر میں راشن پہنچا کر واپس آرہی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

پورے صوبے میں امن وامان کی صورتحال انتہائی ابتر ہے، جمعیت کوئٹہ

مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے سامنے پولیس اور انتظامیہ بے بس ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ شہر اور گردونواح میں بجلی اور گیس کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام تنگ آچکے ہیں، عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

لورالائی: صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی یونیورسٹی آف لورالائی پاکستانیات کوئز مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر چیک تقسیم کر رہی ہیں

اسسٹنٹ کمشنر اسد سمالانی کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

تمام تر وسائل بروئے کار لاکر بہتر سروسز ڈیلیوری یقینی بنائیں گے

علاقے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لاکر بہتر سروسز ڈیلیوری یقینی بنائیں گے

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیرداخلہ میر ضیاء لانگو کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر اسد سمالانی کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ شہر میں امن وامان کی صورتحال شہر میں صفائی ستھرائی ٹیچنگ ہسپتال میں سردخانہ کی تعمیر لوکل سرٹیفکیٹ کے حصول میں مشکلا (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ڈی سی زیارت نے ملیریا سے بچاؤ کیلئے اسپرے مہم کا باقاعدہ افتتاح کردیا

ملیریا سے بچاؤ کیلئے عوامی آگاہی کے ساتھ ساتھ حفاظتی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائیگا

سنجاوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر تحصیل سنجاوی میں ملیریا سے بچاؤ کے لیے اسپرے مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے نگرانی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر زیارت ڈاکٹر رفیق (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

اس اسکیم سے جیولرز، وکلاء، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، ڈاکٹرز، سروس پروائیڈر فائدہ نہیں اٹھاسکتے، رحمت اللہ درانی کا خطاب

چھوٹے تاجروں کی سہولت کیلئے تاجر دوست اسکیم متعارف کرائی گئی ہے، ایف بی آر بلوچستان

سالانہ 20 کروڑ روپے سے کم کا بزنس کرنے والے تاجر مستفید ہوکر سالانہ 25 ہزار روپے سالانہ فکس ٹیکس یا آمدن پر 1 فیصد ٹیکس دیں

کوئٹہ (آن لائن) فیڈرل بورڈ آف ریونیو بلوچستان کے کمشنر ان لینڈ ریونیو رحمت اللہ خان درانی نے کہا ہے کہ چھوٹے تاجروں کی سہولت کے لئے تاجر دوست اسکیم متعارف کرائی گئی ہے جس سے سالانہ 20 کروڑ روپے سے کم کا بزنس کرنے والے تاجر مستفید ہوکر سالانہ 25 ہزار روپے سالانہ فکس ٹیکس یا آمدن پر 1 فیصد ٹیکس دیں۔ اس اسکیم سے جیولرز، وکلاء، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، ڈاکٹرز، سروس پروائیڈر فائدہ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

لسبیلہ کینال کے نان کمانڈ ایریا میں غیرقانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف مشترکہ کارروائیاں

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعداد خان مندوخیل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب میہم خان تگھی، ایکسین اریگیشن کینال عدیل بلوچ اور ایف سی کیپٹن سعد خان کی قیادت میں لسبیلہ کینال کے نان کمانڈ ایریا میں غیرقانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف مشترکہ کارروائیاں کی گئیں

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کا اٹک سیمنٹ فیکٹری کا دورہ

اٹک سیمنٹ انتظامیہ ماحولیاتی بہتری میں مزید کردار ادا کرے گا

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے اٹک سیمنٹ فیکٹری کا دورہ کیا جہاں سینئر منیجر شاکر حسین ور سینئر ایڈمنسٹریٹو افسر کرنل رضا اللہ نے صنعتی ادارے کی جانب سے انہیں فیکٹری کی کارکردگی، پیداواری سرگرمیوں اور کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) کے تحت جاری اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کمشنر نے صنعتی ادارے میں کام کرنے والے محنت کشوں کی ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایس او پیز اور سی ایس آر پروگرام کے تحت فلاحی اقدامات پر عملدرآمد کو قابل تحسین قرار دیا کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا کہ صنعتی ادارو (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

سنجاوی ہسپتال کی نئی عمارت کا تعمیراتی کام مکمل ہوچکا ہے، حاجی نور محمد دمڑ

ہسپتال میں جدید طبی مشینری، آپریشن تھیٹر، ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر ضروری طبی عملے کی تعیناتی یقینی بنائی جائے، بات چیت

صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن سے ملاقات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن سے ملاقات کی، جس میں سنجاوی ہسپتال کی نئی تعمیر شدہ عمارت کو جلد فعال کرنے اور عوام کو مکمل طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے موقع پر فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ، محمد عرفان دمڑ اور موسیٰ کاکڑ بھی موجود تھے ملاقات میں سنجاوی ہسپتا (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور یو این ایف پی اے کے زیر اہتمام فیملی پلاننگ کی ٹریننگ ورکشاپ کے موقع پر صوبائی سیکرٹری ظفر علی بلیدی، غلام مصطفیٰ، یو این ایف پی اے کی سعدیہ عطاء ٹیکنیکل سپیشلسٹ خان محمد، ناصر خان کے ہمراہ شرکاء کا گروپ

تعلیمی گروپ کا اجلاس، تعلیمی اداروں کی کارکردگی اور سہولیات کا جائزہ

تعلیمی ماحول فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

لورالائی (خ ن) ضلعی تعلیمی گروپ کا اجلاس، تعلیمی اداروں کی کارکردگی اور سہولیات کا جائزہ ضلعی انتظامیہ لورالائی کی زیر نگرانی ضلعی تعلیمی گروپ کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں محکمہ تعلیم کے ضلعی افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، تعلیمی سہولیات، اساتذہ (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

دالبندین کے علاقے چارسر میں فٹبال گراؤنڈ کی عمارت دھماکے سے تباہ

دالبندین (آن لائن) دالبندین کے علاقے چارسر میں فٹبال گراؤنڈ کی عمارت دھماکے سے تباہ ضلع چاغی کے تحصیل دالبندین (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

جعفرآباد پولیس نے ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب 2 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) جعفرآباد پولیس نے ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب 2 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے عبداللہ (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

ضلع بھر میں صحت کی سہولیات اور محکمہ ہیلتھ کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اوتھل (خ ن) ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات اور محکمہ ہیلتھ کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سید فرید اللہ شاہ ہاشمی، پی پی ایچ آئی کے DM ڈاکٹر منصور ملک، DHQ ہسپتال کے میڈیکل آفیسر ڈاکٹر تصدق، ایم ا (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

لسبیلہ کا روایتی امن اور بھائی چارے کی فضا برقرار ہے، نجیب اللہ پندرانی

شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے مربوط اور موثر حکمت عملی اختیار کر رکھی ہے

لسبیلہ (آن لائن) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی قیادت میں ضلع لسبیلہ پولیس نے امن و امان کے قیام جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مربوط اور موثر حکمت عملی اختیار کر رکھی ہے جس کے باعث ضلع بھر میں امن وامان کی مجموعی صورتحال بہتر جبکہ لسبیلہ کا روایتی امن اور بھائی چارے کی فضا برقرار (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

اوستہ محمد پولیس نے قتل کے مقدمے کے مرکزی ملزم کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) اوستہ محمد پولیس نے قتل کے مقدمے کے مرکزی ملزم کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا گزشتہ روز اوستہ محمد میں ہونے والے قتل کے مقدمے میں مرکزی ملزم کو چند ہی گھنٹوں میں ایس ایچ او اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

میر حاصل بزنجو کے افکار اور ان کی رواداری والی سیاست کو اپنانا ہوگا، کلثوم نیاز بلوچ

نفرت اور تقسیم کی سیاست کے مقابلے میں ان کا پیغام بھائی چارے اور اتحاد کا تھا، رکن اسمبلی

انہوں نے مشکل ترین حالات میں بھی پرامن سیاست اور مکالمے پر یقین کا دامن نہیں چھوڑا

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کی صوبائی خواتین سیکرٹری اور رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ نے میر حاصل خان بزنجو کی برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میر حاصل بزنجو بلوچستان کی سیاست میں جمہوریت، آئینی حقوق کے حقیقی ترجمان تھے۔ اپنے بیان میں کلثوم نیاز بلوچ نے کہا کہ میر حاصل خان بزنجو نے اپنی سیاسی زندگی کا ہر لمحہ بلوچستان کے محروم عوام کی خدمت، تعلیم اور سیاسی شعور کی بیداری کے لیے وقف کیا۔ انہوں نے مشکل ترین حالات میں بھی پرامن سیاست اور مکالمے پر یقین کا دا (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

چاغی: زیارت بلانوش میں لوکل گورنمنٹ ریسٹ ہاؤس کو آگ لگادی گئی

چاغی (آن لائن) زیارت بلانوش میں نامعلوم مسلح افراد نے لوکل گورنمنٹ ریسٹ ہاؤس کو آگ لگادی۔ چاغی کے علاقے یونین کونسل زیارت بلانوش میں نامعلوم مسلح افراد نے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

ہرنائی کے علاقے سے 6 روز قبل اغواء ہونے والے نوجوان کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) ہرنائی کے علاقے سے 6 روز قبل اغواء ہونے والے نوجوان کی نعش برآمد ہوگئی پولیس کے مطابق 14 اگست کو سیاحتی مقام ڈمیرا سے نامعلوم ملزمان نوجوان (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بلیدہ سے بلوچ شہری کے اغواء پر اہلخانہ کا تشویش کا اظہار، بازیابی کا مطالبہ

امام حسن ایک سادہ طبیعت اور ان کا کسی شخص کے ساتھ کوئی ذاتی تنازع یا دشمنی نہیں تھی، اہلخانہ

تربت (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے بلیدہ میں ایک شہری کے مبینہ اغواء کے واقعے پر اہلخانہ نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکام سے مغوی کی فوری اور بحفاظت بازیابی کا مطالبہ کیا ہے۔ اہلخانہ کے مطابق واقعے کے بعد خاندان خوف و اضطراب میں مبتلا ہے اور مغوی کی واپسی کا منتظر ہے۔ اہلخانہ نے تربت پریس کلب میں صحافیوں کو بتایا کہ گزشتہ روز گلی باہوٹ بازار، بلیدہ سے امام ولد حسن کو مبینہ طور پر چھ مسلح افراد تین موٹر سائیکلوں پر سوار (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

محکمہ پاپولیشن نے فیملی پلاننگ کرنے والے شادی شدہ جوڑوں کا مکمل ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کردیا، ظفر علی بلیدی

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری پاپولیشن ظفر علی بلیدی، ڈی جی پاپولیشن غلام مصطفیٰ، یو این ایف پی اے کی سعدیہ عطاء، ٹیکنیکل اسپیشلسٹ خان محمد، ناصر خان، محمد باسم، افضل بٹ اور عرفان نے کہا ہے کہ محکمہ پاپولیشن تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے فیملی پلاننگ سے متعلق اشیاء کی مقدار بندی کو مضبوط بنانے کیلئے کام کر رہا ہے، آبادی میں تیز رفتار اضافے کے ساتھ وسائل میں متوازن اضافہ نہ ہونے کی صورت میں معاشی اور سماجی دباؤ میں مزید شدت آسکتی ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ، نوشکی، دالبندین اور تفتان کے راستے آنے والی ایل پی جی سپلائی کو خصوصی سیکیورٹی خطرات لاحق ہیں

بلوچستان میں ایل پی جی سپلائی پر حملے عوام اور معیشت کیلئے سنگین خطرہ ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

ایل پی جی ٹینکروں کو نشانہ بنانے کے واقعات صوبے کے عوام، تجارت اور معیشت پر براہ راست منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ایل پی جی ٹینکروں کو نشانہ بنانے اور نذر آتش کرنے کے واقعات صوبے کے عوام، تجارت اور معیشت پر براہ راست منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ اگر صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو آنے والے دنوں میں ایل پی جی کی قلت اور قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

مسلم لیگ (ن) صوبائی جنرل سیکرٹری ایم این اے جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، عین الحق مندوخیل، راحیلہ حمید درانی، نسیم الرحمن ملاخیل، خلیل جارج، مصلح الدین مینگل، حیدر چکزئی اور شاکر محمد حسنی پارٹی میں عین الحق مندوخیل کی شمولیت کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پرائمری سکول کے طلبا ہمارے مستقبل کی بنیاد ہیں" غلام نبی مری

نئی نسل کی معیاری تعلیم و تربیت ہی قوم کی ترقی کی ضامن ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے کہا ہے کہ پرائمری سکول کے طالب علم ہماری قوم کا حقیقی سرمایہ اور بنیاد ہیں اور یہی وہ عمر ہے جو بچوں کے سیکھنے اور ان کی ذہنی نشوونما کے لیے سب سے بہترین اور موزوں ترین ہوتی ہے۔ آج کمپیوٹر اور ٹیکنالوجی کی برق رفتار ترقی کے اس جدید دور میں اگر ہمیں دنیا کا مقابلہ کرنا ہے تو ہمیں اپنی نئی نسل کی تعلیم و تربیت پر سب سے زیادہ اور بھرپور توجہ دینی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ پرائمری سکول کلی غریب آباد، بروہ، جدید میاں خان میں (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

تبلیغی اجتماع کے منتظمین کی ایک نمائندہ وفد کی ڈپٹی کمشنر گوادر سے ملاقات

گوادر (خ ن) تبلیغی اجتماع کے منتظمین کی ایک نمائندہ وفد نے ڈپٹی کمشنر گوادر سے ملاقات کی اور انہیں 30 ستمبر سے گوادر میں منعقد ہونے والے تبلیغی اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔ ڈپٹی کمشنر نے دعوت کو خوش دلی سے قبول کرتے ہوئے اجتماع میں شرکت کی یقین دہانی (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال نصیرآباد میں کھلی کچہری کا انعقاد

بنیادی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے

نصیرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال نصیرآباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ویندر لعل نے کی کھلی کچہری کا بنیادی مقصد شہریوں کو براہ راست اپنے مسائل ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا اور ان کے حل کے لیے فوری و موثر اقدامات یقینی بنانا تھا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ویندر لعل نے کہا کہ کھلی کچہری عوامی مسائل سننے اور ان کے حل کے لیے ایک موثر عوامی فورم ہے۔ آج کی کھلی کچہری شہریوں کے مسائل سنے بغیر اختتام پذیر نہیں ہوگی

علاقے کی معیشت کا ایک بڑا حصہ زراعت سے وابستہ ہے، زمیندار ایکشن کمیٹی

زمینداروں کے لیے یوریا کھاد کی فراہمی پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کی جائے، خطاب

خضدار (آن لائن) جھالاوان زمیندار ایکشن کمیٹی ضلع خضدار نے کمشنر خضدار ڈویژن، ڈپٹی کمشنر خضدار، اسسٹنٹ کمشنر خضدار اور دیگر اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ زمینداروں کے لیے یوریا کھاد کی فراہمی پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کی جائے اور کھاد کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔ جھالاوان زمیندار ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ زراعت سے وابستہ زمیندار پہلے ہی مہنگائی، بڑھتے ہوئے زرعی اخراجات اور دیگر مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ فصلوں کی بہتر نشوونما اور پیداوار کے لیے یوریا کھاد انتہائی اہم ہے

پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمے میں مطلوب 6 مفرور ملزمان گرفتار

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) پولیس نے جرائم پیشہ اور مفرور عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمے میں مطلوب 6 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی ایس پی ڈیرہ بگٹی عبدالرؤف بابر کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل ڈیرہ بگٹی مشتاق بابر (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

مسائل کے فوری حل کی پالیسی کے تحت صحبت پور میں کھلی کچہری کا انعقاد

ضلعی انتظامیہ عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت دستیاب ہے، فریدہ خان ترین

صحبت پور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات اور عوامی مسائل کے فوری حل کی پالیسی کے تحت ضلع صحبت پور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے کی۔ کھلی کچہری میں ضلع کے تمام متعلقہ محکموں کے ڈسٹرکٹ ہیڈز، افسران اور اہلکاروں نے شرکت کی، جبکہ ضلع بھر سے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے درپیش مسائل کے متعلق تحریری اور (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

میونسپل کمیٹی ملازمین کی پنشن اور گریجویٹی کی عدم ادائیگی کے خلاف احتجاج، مکمل تالہ بندی

لورالائی (آن لائن) بلوچستان لیبر فیڈریشن لورالائی زون کے نمائندوں محمد یار کدیزئی، امان اللہ اتمانخیل، نواب خان حمزہ زئی اور یاران موسیٰ خیل نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پورے بلوچستان کی طرح لورالائی میونسپل کمیٹی میں بھی ملازمین کی جانب سے مکمل تالہ بندی اور (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور شرکاء پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں تقریب کے دوران قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

توبہ اچکزئی علاؤالدین اچکزئی پرائمری سکول طویل عرصے بعد بحال، بنیادی سہولیات کا فقدان برقرار

کوئٹہ (آن لائن) توبہ اچکزئی گاؤں کشمیر آباد ہاشمی میں علاؤالدین اچکزئی پرائمری سکول طویل عرصے کے بعد بحال ہوگیا۔ سکول کی بحالی سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر اور ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی خصوصی کوششوں سے ممکن ہوئی سکول کی بحالی پر گاؤں کے عوام نے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن سے زیڈ کے بی کمپنی کے اونر حاجی محبت خان کی ملاقات

ان کے ہمراہ ایکسین بی اینڈ آر نارتھ ڈیرہ بگٹی شمس الحق اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے

بارکھان (خ ن) کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمن قمرانی سے زیڈ کے بی کمپنی کے اونر حاجی محبت خان، ایکسین بی اینڈ آر نارتھ ڈیرہ بگٹی شمس الحق اور دیگر متعلقہ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

مبینہ لوٹ مار، بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان اور ٹارگٹ کلنگ سمیت دہشتگردی کی مختلف کارروائیوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے، سیکیورٹی ذرائع

پنجگور میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 5 دہشتگرد ہلاک متعدد زخمی

قبضے سے بھاری مقدار میں جدید اسلحہ وگولہ بارود برآمد، 3 گاڑیاں، 2 موٹر سائیکلیں، ایک آئی ای ڈی ڈیوائس اور کالعدم تنظیم کا جھنڈا بھی قبضے میں لیا گیا

پنجگور (آن لائن) بلوچستان میں دہشتگردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت پنجگور کے علاقے کلی سوران میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 5 دہشتگرد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد موٹر سائیکلوں پر سوار ہوکر ایک بڑی دہشتگردی کی کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، تا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کوئٹہ، صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ اور عین الحق مندوخیل منعقدہ شمولیت تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے بورڈ میں آزاد ڈائریکٹر کی تقرری کی منظوری

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت سرکاری اداروں سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت سرکاری اداروں سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے بورڈ میں آزاد ڈائریکٹر کی تقرری کی منظوری دی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق پی پی ایل بورڈ میں خالی نشست پر آزاد ڈائریکٹر تعینات کیا جائے گا، او جی ڈی سی ایل کے بورڈ میں تین آزاد ڈائریکٹرز کی تقرری کی منظوری دی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق او جی ڈی سی ایل بورڈ میں تین آزاد ڈائریکٹرز کی نامزدگی پیٹرولیم ڈویژن کی سفارش پر منظور کی گئی۔ فنانس ڈویژن کے مطابق سرکاری اداروں کے بورڈز (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

کسٹمز کی کارروائیوں میں گزشتہ ایک ماہ کے دوران 12 کروڑ کی آئٹمز برآمد کرلی

کوئٹہ (آن لائن) کسٹمز کے عملے نے کولپور چیک پوسٹ پر ایک ماہ کے دوران 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی آئٹمز برآمد کر کے قبضے میں لے لی کسٹم ذرائع کے مطابق کسٹمز کے عملے نے کولپور چیک پوسٹ پر سمگلنگ کی روک تھام کے لئے کارروائیوں کے دوران کروڑوں روپے مالیت کا غیرملکی سامان جبکہ 12 کروڑ روپے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس

تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، خطاب

غیرقانونی قبضوں کا خاتمہ یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں ناجائز تجاوزات اور غیرقانونی قبضوں سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اصل پلاٹ مالکان کی جانب سے پیش کی گئی شکایات اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران اصل پلاٹ مالکان کی شکایات سنی گئیں اور متعلقہ ریکارڈ، تجاوزات اور غیرقا (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر کا اعلامیہ

گوادر (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر کے ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے ڈپٹی کمشنر گوادر کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ سماجی بہبود (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

کوئٹہ اختر آباد سے ہزار گنجی تک پہاڑوں کی بڑے پیمانے پر کٹائی اور کرشنگ کا سلسلہ ایک مرتبہ پھر زور پکڑ گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے نواحی علاقے اختر آباد سے ہزار گنجی تک پہاڑوں کی بڑے پیمانے پر کٹائی اور کریشن (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

بلوچستان کی پہلی خاتون کرکٹ کوچ خیرالنساء، صوبے کی بیٹیوں کیلئے امید کی نئی کرن

بلوچستان کی پہلی خاتون کرکٹ کوچ خیرالنساء، بیٹیوں کو قومی کرکٹ تک پہنچانے کیلئے پرعزم

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں خواتین کے لیے کھیلوں کے میدان میں نئی راہیں کھلنے لگی ہیں، جہاں روایتی اور ثقافتی رکاوٹوں کو عبور کرتے ہوئے خیرالنساء بلوچ صوبے کی پہلی خاتون کرکٹ کوچ کے طور پر نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت اور رہنمائی میں مصروف ہیں۔ ان کی کوششیں نہ صرف بلوچستان کی باصلاحیت بیٹیوں کو کرکٹ کے میدان میں آگے بڑھنے کا موقع فراہم کر رہی ہیں

محکمہ صحت کو اہم مسئلہ کی جانب متوجہ ہونے کی اپیل

خضدار (آن لائن) محکمہ صحت کو اہم مسئلہ کی جانب متوجہ ہونے کی اپیل۔ خضدار کے عوام کا اہم مطالبہ فالج کے مریضوں کے لیے فوری اور مفت انجکشن کی سہولت فراہم کی جائے۔ خضدار میں اچانک فالج کا شکار ہونے والے مریضوں کے لیے فوری علاج کی سہولت انتہائی ضروری ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق بعض اقسام کے فالج، خصوصاً اسکیمک اسٹروک میں خون کا (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

بارہ ربیع الاول ﷺ کی مناسبت سے دین محمد کنرانی میں عظیم الشان محفل میلاد کا انعقاد

فرید آباد (آن لائن) بارہ ربیع الاول ﷺ کی مناسبت سے دین محمد کنرانی میں عظیم الشان محفل میلاد کا انعقاد بارہ ربیع الاول کی مبارک مناسبت سے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول دین محمد کنرانی * میں ہیڈ ماسٹر محمد یاسین کنرانی کی سربراہی میں ایک عالیشان (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

کمشنر ایف بی آر رحمت اللہ خان درانی اور بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے چیئرمین سید سلیم رضا ایڈووکیٹ ٹیکس بار کے ممبران کو سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com